# اہم تواریخ


| | | |
|---|---|---|
| **اعلامیہ کے اجرا کی تاریخ** | : | 26.02.2017 |
| **پر کردہ درخواست فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ** | | |
| ایم فل/پی ایچ ڈی پروگرام | : | 05.05.2017 |
| داخلہ امتحان کی بنیاد پر داخلے کے پروگرام (پیشہ ورانہ/تکنیکی/ووکیشنل) | : | 05.05.2017 |
| میرٹ کی بنیاد پر داخلے کے تمام گریجویٹ/پوسٹ گریجویٹ (عام و پیشہ ورانہ)/نیم طبّی پروگرام | : | 09.07.2017 |
| جز وقتی/متوازی پروگرام (ڈپلوما/پی جی ڈپلوما) | : | 10.08.2017 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **ادائیگی صرف آن لائین ہو گی** | **درخواست ورجسٹریشن فیس** | : | داخلہ امتحان پر مبنی | میرٹ پر مبنی |
| | عام زمرے کے امیدوار | : | 500.00 روپے | 300.00 روپے |
| | ایس سی/ایس ٹی/معذورین/دیگر پسماندہ طبقات (نان کریمی لیئر)/خواتین امیدوار | : | 300.00 روپے | 200.00 روپے |
| | غیر ملکی طلبا | : | 25 امریکی ڈالر | |

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

(پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت 1998 میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی)

(NAAC سے 'A' گریڈ یافتہ)



وزیٹر

## شری پرنب مکھرجی

صدر جمہوریہ ہند

امیر جامعہ

## جناب ظفر یونس سریش والا

شیخ الجامعہ

## ڈاکٹر محمد اسلم پرویز

نائب شیخ الجامعہ و رجسٹرار

## ڈاکٹر شکیل احمد

اسکولوں کے ڈین

**پروفیسر محمد عبدالعظیم**
اسکول برائے کامرس و کاروباری انتظامیہ

**پروفیسر عبدالواحد**
اسکول برائے کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹکنالوجی

**پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ**
اسکول برائے فنون و سماجی علوم

**پروفیسر احتشام احمد خان**
اسکول برائے صحافت و ترسیل عامہ

**پروفیسر فاطمہ بیگم**
اسکول برائے تعلیم و تربیت

**پروفیسر نسیم الدین فریس**
اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات

**پروفیسر سید نجم الحسن**
اسکول برائے سائنسی علوم

کنٹرولر امتحانات

## پروفیسر محمد شاہد

چیرمین مرکزی داخلہ کمیٹی

## پروفیسر پی ایف رحمٰن


**پتہ:** عمارت انتظامی، کمرہ نمبر 20، گراونڈ فلور

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باولی، حیدرآباد– 032 500، تلنگانہ

داخلہ سیل– EPABX: 040 – 23006612/13/14/15 – Ext-122 , 040 - 2300 6605

E-mail: manuuadmissions2017@gmail.com; website-www.manuu.ac.in

# داخلہ 2017-18 کی اہم تاریخیں

## داخلہ امتحانات

| | | |
|---|---|---|
| | ایم سی اے/بی ایڈ/ایم ایڈ | 03.06.2017 (FN) |
| | بی ٹیک/ایم ٹیک/پالی ٹکنک/ڈی ایل ایڈ/ایم بی اے | 03.06.2017 (AN) |
| ایم فل/ پی ایچ ڈی | اردو/انگریزی/ہندی/عربی/فارسی/ نظم ونسق عامہ/ صحافت وترسیل عامہ | 04.06.2017 (FN) |
| | اسلامیات/ سوشل ورک/ تعلیم/ تاریخ/معاشیات | 04.06.2017 (AN) |
| | انتظامیہ/سماجیات/سیاسیات/مطالعاتِ ترجمہ | 05.06.2017 (FN) |
| | ریاضی/حیوانیات/کمپیوٹر سائنس/کامرس/مطالعاتِ نسواں | 05.06.2017 (AN) |

## داخلہ امتحان کے نتائج کا اجرا

| | |
|---|---|
| ایم فل/پی ایچ ڈی/بی ٹیک/ایم ٹیک/ایم سی اے/ایم بی اے/ایم ایڈ/بی ایڈ/ڈی ایل ایڈ/پالی ٹکنک | 21.06.2017 |

## ایم فل/پی ایچ ڈی کے انٹرویو کی تفصیلات

| | |
|---|---|
| انگریزی/اردو/ فارسی/ نظم ونسق عامہ/مطالعات نسواں/معاشیات/تاریخ/تعلیم/انتظامیہ/کامرس | 13.07.2017 |
| عربی/ہندی/مطالعات ترجمہ/سیاسیات/سماجیات/سوشل ورک/اسلامیات | 14.07.2017 |
| صحافت وترسیل عامہ/ریاضی/حیوانیات/کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی | 15.07.2017 |

## میرٹ فہرست اور انتظاری فہرست کا اجرا

| | |
|---|---|
| میرٹ پر مبنی پروگرام: برج کورس/انڈر گریجویٹ/پوسٹ گریجویٹ/نیم طبّی پروگرام | 13.07.2017 |
| تمام ایم فل و پی ایچ ڈی پروگرام | 17.07.2017 |
| جز وقتی/متوازی (ڈپلوما/پی جی ڈپلوما) پروگرام | 14.08.2017 |

## داخلوں کی تواریخ

| کونسلنگ برائے | 1st | 2nd | 3rd |
|---|---|---|---|
| پالی ٹکنک | 03.07.2017 | 19.07.2017 | 24.07.2017 |
| ڈی ایل ایڈ | 03.07.2017 | 19.07.2017 | -- |
| بی ایڈ | 04.07.2017 | 20.07.2017 | -- |
| ایم ایڈ | 05.07.2017 | 21.07.2017 | -- |

| | پہلی فہرست: | انتظاری فہرست |
|---|---|---|
| ایم بی اے/بی ٹیک/ایم ٹیک/ایم سی اے | 10 و 11 جولائی 2017 | 12 و 13 جولائی 2017 |
| ایم فل/پی ایچ ڈی اور تمام میرٹ پر مبنی پروگرام (برج کورس/انڈر گریجویٹ/پوسٹ گریجویٹ) | 21 و 22 جولائی 2017 | 24 و 25 جولائی 2017 |
| نیم طبّی پروگرام | 27 و 28 جولائی 2017 | 29 جولائی 2017 |
| جز وقتی/متوازی (ڈپلوما/پی جی ڈپلوما) پروگرام | 17 اگست 2017 | 18 اگست 2017 |

## تدریس کا آغاز

| | |
|---|---|
| انڈر گریجویٹ/پوسٹ گریجویٹ/برج کورسز/نیم طبّی/ڈی ایل ایڈ/بی ایڈ/ایم ایڈ اور تحقیقی پروگرام کے تمام سمسٹر | 01.08.2017 |
| جز وقتی/متوازی (ڈپلوما/پی جی ڈپلوما) پروگرام | 21.08.2017 |

نوٹ: **FN:** 10.00 AM - 12.00 Noon اور **AN:** 2.00 PM - 4.00 PM

# فہرست


| سلسلہ نمبر | تفصیلات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | اہم تواریخ | - |
| I | یونیورسٹی کا تعارف | 1 |
| II | تعلیمی پروگراموں کی فہرست | 2 |
| III | عمومی ہدایات | 4 |
| IV | تعلیمی پروگراموں کی تفصیلات | 9 |
| | i. مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس | 9 |
| | ii. انڈر گریجویٹ پروگرام | 10 |
| | iii. اسکول برائے السنہ، لسانیات و ہندوستانیات | 12 |
| | iv. اسکول برائے فنون و سماجی علوم | 15 |
| | v. اسکول برائے تعلیم و تربیت | 18 |
| | vi. اسکول برائے کامرس و کاروباری انتظامیہ | 19 |
| | vii. اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت | 20 |
| | viii. اسکول برائے سائنسی علوم | 20 |
| | ix. اسکول برائے کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹکنالوجی | 23 |
| | x. البیرونی مرکز مطالعہ برائے سماجی اخراجیت و شمولیتی پالیسی | 23 |
| V | فیس کی تفصیلات | 25 |
| VI | دیگر تعلیمی مراکز | 26 |
| VII | مراکز برائے تعلیمی توسیع | 27 |
| VIII | طلبا کے لیے تعلیمی و دیگر سہولیات | 29 |
| IX | تعلیمی کیلنڈر 2017-18 | 36 |
| X | مماثل اسناد کی فہرست | 37 |
| XI | اہم پتے اور ٹیلی فون نمبر | 49 |


نصاب اور سوالیہ پرچوں کے نمونوں کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ – www.manuu.ac.in ملاحظہ کریں

# پراسپکٹس برائے تعلیمی سال 2017-18

## I. یونیورسٹی کا تعارف:

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) ایک مرکزی جامعہ ہے جس کا ہیڈ کوارٹر شہر حیدرآباد میں واقع ہے۔ یہ پارلیمنٹ کے ایک قانون کے ذریعے جنوری 1998 میں کل ہند دائرہ کار کے ساتھ قائم کی گئی۔ یہ جامعہ عظیم مجاہد آزادی، آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم، ملک میں جدید اور سائنسی تعلیمی اداروں کے بانی، کئی کتابوں کے مصنف اور بلند پایہ دانشور مولانا ابوالکلام آزاد کے نام پر قائم کی گئی ہے۔ یونیورسٹی کو NAAC نے اپنے ایکریڈیشن کے پہلے اور دوسرے دونوں مرحلوں میں 'اے' گریڈ عطا کیا ہے۔

یونیورسٹی ملک بھر کی اردو بولنے والی آبادی کے لیے اعلیٰ تعلیم کے اہم ادارے کی حیثیت سے ایک پسندیدہ منزل بن چکی ہے۔ اس نے اقدامی طور پر مدارس تک رسائی حاصل کی، ان میں پڑھائے جانے والے کورسز کا تفصیلی جائزہ لیا اور انہیں مماثل تسلیم کیا تاکہ سماج کے سب سے زیادہ ضرورت مند طبقات کو اعلیٰ تعلیم کے مرکزی دھارے میں شامل کیا جاسکے اور اپنے روایتی و فاصلاتی طرز تعلیم کے ذریعے محروم لوگوں تک رسائی حاصل کی جاسکے۔

پارلیمنٹ کے ایکٹ کے مطابق یونیورسٹی کے بنیادی مقاصد حسب ذیل ہیں:

1. اردو زبان کی ترویج و ترقی۔
2. اردو ذریعہ تعلیم سے پیشہ ورانہ، تکنیکی تعلیم اور تربیت فراہم کرنا۔
3. اردو ذریعہ تعلیم سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند افراد کو کیمپس اور فاصلاتی طرز تعلیم کے ذریعے اردو میں اعلیٰ تعلیم و تربیت کے مختلف پروگراموں تک رسائی فراہم کرنا۔
4. تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ دینا۔

یونیورسٹی کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہاں عمومی، پیشہ ورانہ، تکنیکی اور ووکیشنل میدانوں میں ابتدائی سے اعلیٰ تعلیم کے کورسز اور پروگرام فراہم ہیں۔ یونیورسٹی نے تعلیمی، تحقیقی اور توسیعی سرگرمیوں میں نمایاں پیش رفت اور تیز رفتار توسیع کی ہے۔ یہ جدید و عصری بنیادی سہولتوں اور موثر نظم و نسق کی حامل ہے۔ اس کے علاوہ جامعہ نے اپنے بہترین اسکولوں، شعبوں، مراکز اور بیرون کیمپس اداروں میں فراہم کی جانے والی تدریس، تحقیق، تربیت اور توسیعی سرگرمیوں کے ذریعے سماج کی محروم آبادی کے ایک بڑے طبقے کی تعلیمی امنگوں کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔

شہر حیدرآباد میں یونیورسٹی کا 200 ایکڑ پر پھیلا ہوا وسیع کیمپس موجود ہے جو 7 اسکولوں کے تحت 24 شعبہ جات پر مشتمل ہے، اس کے علاوہ ملک کے 9 مختلف صوبوں میں پالی ٹکنک کالجز، صنعتی تربیتی ادارے اور ماڈل اسکولوں کے بشمول کل 17 بیرون کیمپس ادارے قائم ہیں۔ اس وقت تقریباً 5000 طلبا روایتی طرز تعلیم کے مختلف ڈپلوما، گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ اور تحقیقی پروگراموں کے ذریعے حصولِ تعلیم کے لیے یونیورسٹی میں داخلہ لیے ہوئے ہیں۔ معروف ماہرین تعلیم اور قابل اساتذہ ان طلبا کی تدریس و رہنمائی میں مصروف ہیں تاکہ یہ اپنے تعلیمی اہداف کو حاصل کرسکیں۔ یونیورسٹی کے اکثر اسکولوں میں قابل لحاظ تعداد میں طلبا نے ایم فل اور پی ایچ ڈی تکمیل کرلی ہے۔ اساتذہ اپنی تحقیق اور اشاعتوں کے ذریعے علم کے نئے میدانوں کی تلاش اور ان میں پیش رفت کی کوشش کررہے ہیں۔

یونیورسٹی میں کئی خصوصی مراکز بھی قائم ہیں جیسے مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ (IMC) ، انفارمیشن ٹکنالوجی مرکز (CIT) ، مرکز برائے مطالعات اردو ثقافت (CUCS)، مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (CPDUMT)، مرکز برائے فروغ انسانی وسائل (اکیڈمک اسٹاف کالج)، البیرونی مرکز مطالعہ برائے سماجی اخراجیت و شمولیت پالیسی (ACSSEIP)، ہارون خاں شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن (HKCDS)، اردو مرکز برائے فروغ علوم (CPKU) اور نظامت برائے ترجمہ و اشاعت (DTP) وغیرہ، جو یونیورسٹی کی قدر و قیمت میں اضافہ کرتے ہیں۔

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کے دور دراز علاقوں میں بسنے والے تعلیم سے محروم اور اردو ذریعہ تعلیم کی پہلی نسل کے طالب علموں کے لیے روایتی و فاصلاتی طرز کے پروگراموں کے ذریعے اعلیٰ تعلیم کی خدمات فراہم کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ہے۔ اس کے 9 علاقائی مراکز، 4 ذیلی علاقائی مراکز اور تقریباً 175 مراکز مطالعہ (Study Centres) قائم ہیں جو 1.5 لاکھ سے زائد طلبا کو کئی کورسز ان کے گھروں تک پہنچانے میں نظامت فاصلاتی تعلیم کی مدد کرتے ہیں۔

یونیورسٹی نے 3 صنعتی تربیتی ادارے (ITIs) اور 3 پالی ٹکنیک کالج بالترتیب حیدرآباد، بنگلور اور دربھنگہ میں قائم کیے ہیں۔ یہ ادارے یونیورسٹی کے ایک اہم مقصد یعنی اردو ذریعہ تعلیم سے تکنیکی و پیشہ ورانہ مضامین کی تعلیم کی فراہمی کی تکمیل کررہے ہیں۔ اس کے علاوہ یونیورسٹی نے سری نگر (جموں و کشمیر)، دربھنگہ (بہار)، بھوپال (مدھیہ پردیش)، آسنسول (مغربی بنگال)، سنبھل (اترپردیش)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، نوح (میوات، ہریانہ) اور بیدر (کرناٹک) میں تعلیم اساتذہ کے آٹھ کالج بھی قائم کیے ہیں۔ جہاں مختلف تربیتی پروگراموں کے ذریعے اساتذہ کی شخصی و ذہنی ارتقا کا کام انجام دیا جاتا ہے۔ یونیورسٹی کے لکھنو کیمپس میں چار زبانوں کے پوسٹ گریجویٹ کورسز بھی فراہم ہیں۔ یونیورسٹی کے ایک اہم مقصد یعنی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے یونیورسٹی نے بڈگام (جموں و کشمیر) میں خواتین کے لیے کالج برائے آرٹس و سائنس بھی قائم کیا ہے۔

اردو کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کے اپنے مشن کی تکمیل اور نئی نسل میں اردو کے لیے شوق پیدا کرنے کے لیے یونیورسٹی نے ماڈل اسکول بھی قائم کیے ہیں تاکہ اردو میڈیم میں معیاری اسکولی تعلیم فراہم کی جاسکے۔

یونیورسٹی نے دینی مدارس کے طلبہ کو گریجویشن کی سطح پر اپنی پسند کے مطابق مرکزی دھارے کی اعلیٰ تعلیم کے تمام شعبوں سے مربوط کرنے کے لیے ایک منفرد پروگرام ''برج کورس'' کے نام سے شروع کیا ہے۔ یہ انہیں اپنے تعلیمی و پیشہ ورانہ کیریئر کو آگے بڑھانے میں سہولت فراہم کرے گا۔ یونیورسٹی میں تمام انڈر گریجویٹ/ پوسٹ گریجویٹ اور تحقیقی پروگراموں کے لیے انتخاب پر مبنی کریڈٹ سسٹم (CBCS) کو اختیار کیا گیا ہے۔

## II. تعلیمی پروگراموں کی فہرست:

### i. مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس (دو سمسٹر)

i) برج کورس برائے گریجویٹ پروگرام (بی کام/بی ایس سی)
ii) برج کورس برائے پالی ٹکنک پروگرامس

### ii. السنہ، سماجی علوم اور سائنسی علوم میں انڈر گریجویٹ پروگرامس

1. بی۔اے۔
2. بی کام۔
3. بی ایس سی۔

i) طبیعی علوم۔ریاضی، طبیعات، کیمیا (ایم پی سی)
ii) طبیعی علوم۔ریاضی، طبیعات، کمپیوٹر سائنس (ایم پی سی ایس)
iii) حیاتی علوم۔نباتیات، حیوانیات، کیمیا (زیڈ بی سی)

### iii. اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات

#### 1. شعبہ اردو

i) ایم اے
ii) ایم فل.
iii) پی ایچ ڈی
iv) فنکشنل اردو میں پی جی ڈپلوما
v) ڈپلومہ کورس تحسین غزل

#### 2. شعبہ انگریزی

i) ایم اے
ii) ایم فل
iii) پی ایچ ڈی

#### 3. شعبہ ہندی

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی
iii) فنکشنل ہندی میں پی جی ڈپلومہ

#### 4. شعبہ ترجمہ

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی

#### 5. شعبہ عربی

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی
iii) جدید عربی زبان و ترجمہ میں ایڈوانس ڈپلوما
iv) عربی میں ڈپلوما

#### 6. شعبہ فارسی

i) ایم اے
ii) ایم فل
iii) پی ایچ ڈی
iv) فارسی میں ڈپلوما

### iv. اسکول برائے فنون و سماجی علوم

#### 1. شعبہ تعلیم نسواں

i) ایم اے
ii) ایم فل
iii) پی ایچ ڈی

#### 2. شعبہ نظم و نسق عامہ

i) ایم اے
ii) ایم فل
iii) پی ایچ ڈی

#### 3. شعبہ سیاسیات

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی

#### 4. شعبہ سوشل ورک

i) ماسٹر آف سوشل ورک (MSW)
ii) پی ایچ ڈی

#### 5. شعبہ اسلامک اسٹڈیز

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی
iii) اسلامیات میں ڈپلوما

#### 6. شعبہ تاریخ

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی

#### 7. شعبہ معاشیات

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی

#### 8. شعبہ سماجیات

i) ایم اے
ii) پی ایچ ڈی

## v. اسکول برائے تعلیم و تربیت

### 1. شعبہ تعلیم و تربیت

i) ڈپلوما ان ایلمنٹری ایجوکیشن (D.El.Ed)*
ii) بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed) **
iii) ماسٹر آف ایجوکیشن (M.Ed)***
iv) ایم فل
v) پی ایچ ڈی

* ڈی ایل ایڈ اور ایم فل صرف حیدرآباد ہی میں دستیاب ہے۔

** بی ایڈ پروگرام یونیورسٹی کے صدر دفتر حیدرآباد میں اور سری نگر، دربھنگہ، بھوپال، آسنسول، اورنگ آباد، سنبھل، نوح اور بیدر کے کالجز برائے تعلیم اساتذہ (CTE) میں دستیاب ہے۔

*** ایم۔ایڈ اور پی ایچ ڈی صدر دفتر حیدرآباد کے علاوہ بھوپال، سری نگر اور دربھنگہ کے کالجز برائے تعلیم اساتذہ (CTEs) میں فراہم ہے۔

## vi. اسکول برائے تجارت و کاروباری انتظامیہ

### 1. شعبہ انتظامیہ

i) ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے)
ii) ایم فل
iii) پی ایچ ڈی

### 2. شعبہ کامرس

i) بی کام
ii) ماسٹر آف کامرس (ایم کام)
iii) پی ایچ ڈی

## vii. اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت

### 1. شعبہ ترسیل عامہ و صحافت

i) ایم اے (جے ایم سی)
ii) پی ایچ ڈی

## viii. اسکول برائے سائنسی علوم

### 1. شعبہ ریاضی

i) ایم ایس سی
ii) پی ایچ ڈی

### 2. شعبہ حیوانیات

i) پی ایچ ڈی

(شعبہ ریاضی، طبعیات، کیمیا، حیوانیات اور نباتیات کی جانب سے بی ایس سی کے انڈر گریجویٹ پروگرام کے لیے کورسز فراہم ہیں)

### 3. پالی ٹیکنک (ڈپلوما) [حیدرآباد، بنگلور اور دربھنگہ]

i) ڈپلوما ان سول انجینئرنگ
ii) ڈپلوما ان الیکٹرانکس اور کمیونیکیشن انجینئرنگ
iii) ڈپلوما ان کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ
iv) ڈپلوما ان انفارمیشن ٹیکنالوجی (صرف حیدرآباد میں)

## ix. اسکول برائے کمپیوٹر سائنس و انفارمیشن ٹکنالوجی

### 1. شعبہ کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی

i) بی ٹیک۔(کمپیوٹر سائنس)
ii) بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) میں پالی ٹکنک کے طلبا کے لیے سال دوم میں راست داخلہ۔
iii) ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس)
iv) ماسٹر آف کمپیوٹر اپلی کیشنز (ایم سی اے)
v) پی ایچ ڈی

## x. لکھنو کیمپس میں دستیاب پروگرام

i) ایم اے (عربی)
ii) پی ایچ ڈی (عربی)
iii) ایم اے (انگریزی)
iv) پی ایچ ڈی (انگریزی)
v) ایم اے (فارسی)
vi) پی ایچ ڈی (فارسی)
vii) ایم اے (اردو)
viii) پی ایچ ڈی (اردو)

## xi. مانو کالج آف آرٹس و سائنس برائے نسواں، سری نگر

i) ایم اے (انگریزی)
ii) پی ایچ ڈی (انگریزی)
iii) ایم اے (اردو)
iv) پی ایچ ڈی (اردو)
v) ایم اے (معاشیات)
vi) پی ایچ ڈی (معاشیات)
vii) ایم اے (اسلامیات)
viii) پی ایچ ڈی (اسلامیات)



## III. عمومی ہدایات

1. **ذریعہ تعلیم:** زبانوں کے شعبوں میں دستیاب پروگراموں کے علاوہ تمام پروگراموں کا ذریعہ تعلیم اردو ہوگا۔

2. **اہلیت:**

i. یونیورسٹی کے تمام پروگراموں میں داخلہ کے لیے ضروری ہے کہ اسکول سسٹم سے آنے والے امیدوار نے دسویں/ بارہویں یا گریجویشن کی سطح پر اردو ذریعہ تعلیم سے تعلیم حاصل کی ہو یا بحیثیت زبان/ مضمون اردو کا پرچہ کامیاب کیا ہو۔

ii. اسکول سسٹم سے آنے والے درخواست کنندہ کے لیے لازمی ہے کہ اس نے متعلقہ پروگرام کے لیے طے شدہ متعلقہ مضامین پڑھے اور ان میں مطلوبہ نمبر حاصل کیے ہوں۔

iii. وہ امیدوار جنھوں نے کسی مدرسہ بورڈ سے دسویں/ بارہویں یا اس کے مساوی امتحانات میں کامیابی حاصل کی ہو، اور ان کا ذریعہ تعلیم اردو ہو، وہ داخلہ کے لیے اردو جانکاری کے اہل قرار دیے جائیں گے۔ البتہ مدرسہ کے وہ طلبا جہاں ذریعہ تعلیم اردو نہیں ہے، وہ اہل تسلیم نہیں کیے جائیں گے۔ مدرسہ نظام سے آنے والے درخواست کنندگان اپنی اہلیت کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ پر مسلمہ پروگراموں اور مدرسوں کی فہرست ملاحظہ کرلیں۔

3. غلط/ نامکمل درخواست فارم مسترد کردیا جائے گا۔ اس لیے امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ درخواست فارم پُر کرنے اور پر کردہ درخواست فارم داخل کرنے سے پہلے پراسپکٹس کا بغور مطالعہ کرلیں۔

4. امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے نام اور تاریخ پیدائش کے کالموں کو پُر کرتے ہوئے مکمل احتیاط سے کام لیں۔ (یہ معلومات SSC یا میٹرک یا اس کے مساوی سرٹیفیکیٹ کے مطابق ہونی چاہیے)۔

5. یونیورسٹی کو کسی بھی درخواست کو مسترد کرنے اور یونیورسٹی کے اصول وضوابط کے مطابق کسی معقول سبب سے کسی بھی امیدوار کا داخلہ منسوخ کرنے کا حق حاصل ہے۔ تمام داخلے عارضی ہیں؛ یونیورسٹی کو کسی بھی وقت کسی بھی طالب علم کا داخلہ منسوخ کرنے کا حق ہوگا۔

6. امیدوار کو بیک وقت یونیورسٹی کے دو ہمہ وقتی پروگراموں میں داخلہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

7. **داخلے کا طریقہ:** یونیورسٹی میں داخلہ مطلوبہ ڈگری امتحان کی میرٹ (میرٹ پر مبنی) یا یونیورسٹی کی جانب سے منعقد کیے جانے والے داخلہ امتحان/انٹرویو کی میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

8. **درخواست فارم:** **(تمام پروگراموں کے لیے درخواستیں صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی)**

i. **داخلہ امتحان کی بنیاد پر ہونے والے داخلوں کے لیے آن لائن درخواست فارم:** ڈی ایل ایڈ' بی ایڈ' ایم ایڈ' ایم بی اے' بی ٹیک (سی ایس)' ایم ٹیک (سی ایس)، ایم سی اے' پالی ٹکنک پروگراموں کے علاوہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تمام پروگراموں میں داخلہ امتحان کی بنیاد پر داخلے دیے جاتے ہیں۔ ان پروگراموں کے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 5 مئی 2017 ہے۔ فارم بھرنے سے پہلے درخواست فارم پر موجود ہدایات غور سے پڑھیں، درست پروگرام کی نشاندہی کریں، کالج/مراکز/شعبہ، امتحانی مرکز (جو بھی اور جہاں بھی قابل اطلاق ہو) وغیرہ کا صحیح اندراج کریں۔ درخواست فارم پر کرنے کے بعد کمپیوٹر درخواست نمبر (صارف نام) اور پاس ورڈ تشکیل دے گا جو مستقبل میں حوالے کے طور پر کام آئے گا۔ کمپیوٹر میں دی جانے والی ہدایات کی پابندی کریں۔

ii. **داخلہ امتحان کے ہال ٹکٹس:** داخلہ امتحان پر مبنی پروگراموں کے لیے ہال ٹکٹ یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔امیدواروں کو ان کی درخواست کی وصولی اور ہال ٹکٹوں کی دستیابی کی تاریخ کے بارے میں ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔ درخواست دہندگان یونیورسٹی ویب سائٹ پر لاگ ان آئی ڈی اور پاس ورڈ کی مدد سے اپنی درخواست کے موجودہ موقف کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ **ڈاک کے ذریعے کوئی ہال ٹکٹ ارسال نہیں کیا جائے گا۔** یہ امیدوار کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ہال ٹکٹ ڈاؤن لوڈ کرلے۔یونیورسٹی سے ہدایات کی وصولی کے لیے مستند موبائیل فون نمبر اور ای میل درج کریں۔ صرف ان ہی امیدواروں کو ہال ٹکٹ جاری کیے جائیں گے جن کی درخواستیں متعینہ فیس اور دیگر ضروری تفصیلات کے ساتھ وصول ہوئی ہوں۔امیدواروں کو چاہیے کہ تصدیق اور تلبیس شخصی کے امکانات کو ختم کرنے کے لیے ان ہال ٹکٹوں کے ساتھ اپنا ایک مستند تصویری شناختی کارڈ بھی رکھیں۔ہال ٹکٹ اور مستند تصویری شناختی ثبوت کے بغیر کسی بھی امیدوار کو داخلہ امتحان لکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

براہ کرم اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ ہال ٹکٹ تمام درخواست گزار طلبا کو جاری کردیے جائیں گے قطع نظر اس سے کہ وہ اس پروگرام میں داخلے کے اہلیتی معیار کی تکمیل کررہے ہوں یا نہیں۔اور اس اہلیت کی قطعی تصدیق کونسلنگ اور، اگر داخلہ ملتا ہے تو، داخلے کے وقت کی جائے گی۔اسی لیے امیدواروں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ پروسپکٹس کا بغور مطالعہ کرلیں اور درخواست فارم داخل کرنے سے قبل اپنی اہلیت جانچ لیں۔

اس تنبیہ کے باوجود اگر طلبا کم سے کم اہلیتی معیار کی تکمیل کیے بغیر درخواست داخل کرتے ہیں اور داخلہ امتحان دیتے ہیں تو اس کی ذمہ داری خود ان پر ہوگی۔ کسی بھی مرحلے پر یہ پتہ چلے کہ کوئی امیدوار کم سے کم اہلیتی معیار کی تکمیل نہیں کررہا ہے تو داخلے کے لیے اس کی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا، اگر داخلہ دیا جاچکا ہے تو وہ منسوخ کردیا جائے گا اور اگر فیس ادا کردی گئی ہے تو وہ ضبط کرلی جائے گی۔یونیورسٹی اس طرح کے امیدواروں کے خلاف مناسب قانونی کارروائی کرسکتی ہے۔

iii. میرٹ کی بنیاد پر داخلے کے تمام پروگراموں کے لیے درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ 9 جولائی 2017 ہے۔

**نوٹ: درخواستوں (داخلہ امتحان اور میرٹ پر مبنی دونوں قسم کے پروگرام) کی ہارڈ کاپی/طبع شدہ درخواست فارم یونیورسٹی کو ارسال نہ کیا جائے**

iv. **درخواست فیس کی ادائیگی کا طریقہ:** ڈیبٹ کارڈس/کریڈٹ کارڈس/انٹرنیٹ بینکنگ/چالان کا استعمال کرکے آن لائین ادائیگی کی جاسکتی ہے۔آن لائین درخواست فارم میں درج ہدایات کی پابندی کریں۔

v. **درخواست فارم پر کرنے کے لیے درکار دستاویزات (اسکین شدہ):**

- دسویں یا بارہویں یا گریجویشن کی سطح پر اردو بحیثیت مضمون یا زبان یا بحیثیت ذریعہ تعلیم کا صداقت نامہ
- امیدوار کی تصویر
- اسکین شدہ دستخط
- تاریخ پیدائش کے لیے دسویں یا مساوی امتحان کی کامیابی کی مارکس شیٹ
- مطلوبہ امتحان کی کامیابی کا سرٹی فیکیٹ، مارکس شیٹ کی نقل
- ذات/زمرہ کا صداقت نامہ (اگر ضروری ہو)

vi. **دستاویزات کی تصدیق:** جامعہ درخواست گزاروں کی جانب سے پیش کی گئی اہلیتوں/تعلیمی قابلیتوں کی تصدیق داخلے کے وقت کرے گی۔دستاویزات کی تصدیق کے موقع پر تعلیمی قابلیتوں میں اگر کوئی کمی پائی جائے تو داخلہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ داخلہ لینے والے امیدواروں کے تمام اصل سرٹی فیکیٹ، مارکس شیٹ یونیورسٹی کی تحویل میں رہیں گے اور داخلے کے بعد چھ ماہ کے اندر انہیں واپس کردیا جائے گا۔

## 9. مطلوبہ ڈگری امتحان کے نتائج کے منتظر درخواست دہندگان کے لیے ہدایت:

ایسے امیدوار جنہوں نے مطلوبہ ڈگری کے امتحان میں شرکت کی ہو یا شرکت کرنے والے ہوں وہ بھی داخلہ امتحان کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور شرکت بھی کرسکتے ہیں۔ لیکن ایسے تمام امیدوار اسی صورت میں اہل قرار دیے جائیں گے جب وہ داخلہ امتحان' انٹرویو (جہاں بھی قابل اطلاق ہو) میں اہل قرار دیے جائیں اور مقررہ تاریخ سے پہلے اہلیتی شرائط کے مطابق مطلوبہ ڈگری امتحان میں کم از کم نشانات حاصل کرتے ہوئے کامیابی حاصل کرلیں۔تاہم ایسے امیدواروں کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ اپنی مارکس شیٹ اور دیگر دستاویزات داخلے کے وقت پیش کریں۔اس سلسلے میں مزید کوئی خط و کتابت نہیں کی جائے گی۔

## 10. داخلہ امتحان سے متعلقہ معلومات

- مختلف پروگراموں کے لیے داخلہ امتحان کے مراکز کی فہرست :

| پروگرام کا نام | داخلہ امتحان کی تاریخ | مرکز امتحان |
|---|---|---|
| ایم سی اے/بی ایڈ/ایم ایڈ | 03.06.2017 (صبح) | آسنسول، اورنگ آباد، آعظم گڑھ، بنگلورو، بھیونڈی، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، حیدرآباد، لکھنو، پٹنہ، پونے، سنبھل، سری نگر |
| بی ٹیک/ایم ٹیک/پالی ٹکنک/ڈی ایل ایڈ/ایم بی اے | 03.06.2017 (دوپہر) | |
| **ایم فل/پی ایچ ڈی:** اردو/ انگریزی/ فارسی/عربی/ ہندی/نظم ونسق عامہ/صحافت وترسیل عامہ | 04.06.2017 (صبح) | |
| **ایم فل/پی ایچ ڈی:** /اسلامیات/سوشل ورک/ ایجوکیشن /تاریخ/معاشیات | 04.06.2017 (دوپہر) | |
| **ایم فل/پی ایچ ڈی:** انتظامیہ/ سماجیات/سیاسیات/مطالعات ترجمہ | 05.06.2017 (صبح) | |
| **ایم فل پی ایچ ڈی:** حیاتیات/ریاضی/کمپیوٹر سائنس/ کامرس/مطالعات نسواں | 05.06.2017 (دوپہر) | |

**نوٹ:** 1. ہال ٹکٹ پر امتحانی مرکز کا پتہ درج رہے گا۔
2. انٹرویو کے لیے اہل امیدواروں کو چاہیے کہ وہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کی انٹرویو فہرست جاری ہونے کے ایک ہفتے کے اندر اپنی مجوزہ تحقیق کا خاکہ متعلقہ صدر شعبہ کے پاس ارسال کردیں۔

- امیدواروں کو ہال ٹکٹ میں مذکورہ امتحانی مرکز کے سوا کسی دوسرے مرکز پر امتحان لکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ایک بار جب مرکز کے انتخاب کا عمل ہوجائے تو اس میں کسی تبدیلی کی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔
- یونیورسٹی کو اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی امتحانی مرکز کو منسوخ یا تبدیل کردے،اور اس بات کا فیصلہ متعلقہ مرکز پر طلبا کی تعداد کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ مرکز کی منسوخی کی صورت میں طلبا کو یونیورسٹی کی جانب سے مختص کردہ دوسرے امتحانی مرکز پر امتحان کے لیے اپنے خرچ پر آنا ہوگا۔
- یونیورسٹی کسی بھی امتحان/ٹسٹ/انٹرویو میں شرکت کے لیے امیدواران کو سفر خرچ یا رہائش کی سہولت فراہم نہیں کرے گی۔

## 11. عمر کی حد: یونیورسٹی کے مختلف پروگراموں کے لیے طے کردہ عمر کی حد ذیل کے جدول کے مطابق ہوگی۔

| پروگرام | زیادہ سے زیادہ عمر (مردوں کے لیے) | زیادہ سے زیادہ عمر (خواتین کے لیے) |
|---|---|---|
| برج کورسز | 28سال | 30سال |
| انڈر گریجویٹ پروگرام | 30سال | 35سال |
| پوسٹ گریجویٹ پروگرام | 35سال | 40سال |

عمر کا شمار متعلقہ تعلیمی سال کی یکم جولائی سے کیا جائے گا۔

## 12. ایس سی/ایس ٹی/او بی سی/معذور/خواتین /کشمیری مہاجرین امیدواروں کے لیے رعایت:

- **ایس سی/ایس ٹی** امیدواروں کے لیے یونیورسٹی کی جانب سے عمر کی حد میں 5 سال، دیگر پسماندہ طبقات کے لیے 3 سال اور معذورین کے لیے 10 سال کی رعایت حاصل رہے گی۔
- **درج فہرست ذاتوں/ درج فہرست قبائل/دیگر پسماندہ طبقات (نان کریمی لیئر)/معذور اور خواتین** امیدواروں کو داخلے پر مبنی اور میرٹ پر مبنی پروگراموں کے لیے بالترتیب -/300 اور -/200 روپے بطور درخواست فارم و رجسٹریشن فیس ادا کرنے ہوں گے۔
- **درج فہرست ذاتوں/ درج فہرست قبائل/ دیگر پسماندہ طبقات (نان کریمی لیئر)/معذورین اور خواتین** امیدواروں کو داخلہ امتحان اور مطلوبہ ڈگری امتحان کے اقل ترین نشانات میں پانچ فیصد کی رعایت حاصل رہے گی۔تاہم مطلوبہ ڈگری امتحان میں ناکام ہونے والے طلبا نااہل قرار دیے جائیں گے۔

- **کشمیری مہاجرین:** صرف کشمیری مہاجرین کو مقررہ اقل ترین فی صد (Cut off percentage) میں دس فیصد کی رعایت حاصل رہے گی۔ کشمیری مہاجرین مستقر پر رہائش کی شرط سے مستثنیٰ قرار دیے گئے ہیں۔

13. داخلہ امتحان میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کی میرٹ فہرست اور اہل امیدواروں کی فہرست طے شدہ نظام العمل کے مطابق ان کے متعلقہ شعبوں/ کالجز / مراکز کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کرنے کے علاوہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر بھی جاری کی جائے گی۔ اہل/منتخب امیدواروں کو ان کے داخلے سے متعلق تازہ ترین معلومات ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے بھی فراہم کی جائیں گی۔

14. اگر کوئی امیدوار معینہ تاریخ تک داخلے کے ضابطوں کی تکمیل سے قاصر رہے تو وہ اپنے داخلہ کے حق سے محروم ہو جائے گا۔

15. اگر کسی امیدوار کے متعلق داخلہ فارم میں فراہم کردہ معلومات میں بوقت معائنہ یا بعد میں کوئی کمی یا غلطی پائی جائے یا اس کی فراہم کردہ دستاویزات میں کوئی بھی نقص پایا جائے تو اس کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ایسے امیدوار کی جانب سے یونیورسٹی کو ادا کی گئی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ نیز یونیورسٹی اس کے خلاف دھوکہ دہی کے ضمن میں قانونی کارروائی کر سکتی ہے۔

16. درخواست گزار اگر( عوامی یا خانگی اداروں یا تنظیموں میں )ملازم ہے تو اسے داخلے کے وقت پروگرام کی مدت کے لیے آجر کی جانب سے فراہم کردہ ''رخصت کی تصدیق'' اور ''صداقت نامہ عدم اعتراض''(NOC) پیش کرنا ہوگا۔

17. کسی بھی منتخب امیدوار کو اپنے غائبانے میں کسی اور کے ذریعے داخلے کے ضوابط کی تکمیل کی اجازت نہیں ہوگی۔

18. اگر کوئی طالب علم کسی بھی وقت اپنے تعلیمی پروگرام کو منقطع کرنا چاہتا ہے تو اسے اس کی اجازت ہوگی۔ تاہم طالب علم کی جانب سے ادا کردہ فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ مزید یہ کہ طالب علم کو صداقت نامہ منتقلی(T.C) کے حصول کے لیے صداقت نامہ بے باقی(No Dues Certificate) داخل کرنا ہوگا۔ صداقت نامہ منتقلی پر متعین طور سے ''پروگرام منقطع'' کا جملہ تحریر ہوگا۔ اگر امیدوار یونیورسٹی کے کسی ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں منتقل ہونا چاہتا ہے تو یہ داخلے کے عمل کی تکمیل سے قبل اسی وقت ممکن ہے جب کہ وہ اس میں داخلے کی شرائط پوری کر رہا ہو اور درخواست گزار بھی ہو۔

19. یونیورسٹی کو کورس کی مدت کے دوران کسی بھی پروگرام کی فیس کے ڈھانچے میں تبدیلی کرنے کا حق حاصل رہے گا۔

20. بینائی سے معذور/کمزور بینائی/جسمانی معذور اور دماغی فالج سے متاثر دونوں ہاتھوں سے معذور افراد کو داخلہ امتحانات کے لیے کاتب فراہم کیے جائیں گے۔ ایسے امیدواروں کو چاہیے کہ وہ اپنے مطلوبہ پروگرام اور تاریخ ومقام کے متعلق معلومات کے ساتھ ایک باضابطہ درخواست ای میل آئی ڈی manuuadmissions2017@gmail.com پر روانہ کریں۔ کاتب کی مدد سے امتحان لکھنے والے امیدواروں کو امتحان کے کل وقت کے علاوہ زائد 40 منٹ وقت دیا جائے گا۔

## 21. تحفظات پالیسی:

21.1 داخلوں کی نشستوں میں تحفظات کے لئے یونیورسٹی حکومتِ ہند کے ضوابط پر عمل کرتی ہے۔ زمروں کے لحاظ سے تحفظات کے فیصد کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں: ایس سی۔15%؛ ایس ٹی۔7.5%؛ او بی سی۔27% (نان کریمی لیئر)۔

21.2 معذورین۔3% (مجموعی)؛ کشمیری مہاجرین۔1%؛ این سی سی/این ایس ایس/اسپورٹس و گیمز/سابقہ فوجی۔1% (مجموعی)

21.3 مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے تمام متعلقہ کورسز کے ہر پروگرام میں مانو ماڈل اسکول کے طلبا کے لیے مختلف زمروں کے اندر 10% نشستیں محفوظ ہوں گی۔

مندرجہ بالا زمروں میں تحفظات حاصل کرنے کے خواہشمند امیدواروں کو درخواست فارم کے ساتھ ذات/قبیلے یا دوسرے تحفظات کے لیے حکومتِ ہند کے قواعد کے مطابق اربابِ مجاز کی جانب سے متعینہ فارم میں جاری کردہ مستند صداقت نامہ پیش کرنا ضروری ہے۔



22. **پروگرام کی مدت:**

| پروگرام | مدت |
|---|---|
| برج کورس | ایک سال(2سمسٹر) |
| ڈی ایل ایڈ | 2 سال(4سمسٹر) |
| بی ایڈ | 2 سال(4سمسٹر) |
| بی اے/بی ایس سی/بی کام | 3سال(6سمسٹر) |
| بی ٹیک(کمپیوٹر سائنس) | 4سال(8سمسٹر) |
| ایم ٹیک(کمپیوٹر سائنس) | 2سال(4سمسٹر) |
| ایم ایڈ | 2سال(4سمسٹر) |
| ایم سی اے | 3سال(6سمسٹر) |
| دیگر تمام پی جی پروگرام | 2سال(4سمسٹر) |
| ایم فل | 18ماہ(تین سمسٹر) |
| پی ایچ ڈی(ریگولر ہمہ وقتی) | کم از کم 3سال، زیادہ سے زیادہ6سال |
| پی ایچ ڈی(ریگولر جز وقتی) | کم از کم4سال، زیادہ سے زیادہ6سال |
| پالی ٹیکنک پروگرام | 3سال(6سمسٹر) |
| نیم طبّی پروگرام (سرٹیفیکیٹ وڈپلوما) | 2سال(4سمسٹر) |
| جز وقتی سرٹیفکیٹ اور ڈپلوما، پی جی ڈپلوما کورسز | ایک سال(2 سمسٹر) |

23. **ریسرچ پروگرام:**

i. **ایم فل/پی ایچ ڈی پروگراموں کی لازمی اہلیت:** ایم فل/پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے کے خواہش مند امیدواروں کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ اصل یا متعلقہ مضمون (شعبہ یا متعلقہ مرکز کی جانب سے معلنہ) میں بحیثیت مجموعی 55% نمبروں یا گریڈ سسٹم میں اس کے مساوی گریڈ کے ساتھ پوسٹ گریجویشن کی ڈگری کا حامل ہو۔

ii. **داخلہ امتحان:** یونیورسٹی ایم فل/پی ایچ ڈی میں امیدواروں کا داخلہ دو مراحل کی کاروائی یعنی داخلہ امتحان اور انٹرویو کے ذریعے کرتی ہے:

a. داخلہ امتحان 100 نمبروں کا ہوگا جس میں 1 نمبر والے معروضی نوعیت کے کثیر انتخابی سوالات ہوں گے۔ داخلہ امتحان کا نصاب 50% تحقیق کے طریقہ کار اور 50% متعینہ مضمون پر مشتمل ہوگا۔ داخلہ امتحان کا نصاب اور سوالات کا احاطہ و نوعیت یو جی سی/سی ایس آئی آر۔نیٹ کے نمونے اور سطح کے مطابق ہوگا۔ تحریری امتحان کا وقت دو گھنٹے رہے گا۔

b. انٹرویو 20 نمبروں کا ہوگا۔ انٹرویو میں امیدوار کو شعبہ کی جانب سے تشکیل کی گئی شعبہ جاتی تحقیقی کمیٹی/انٹرویو بورڈ کے سامنے ایک پیش کش کے ذریعے تحقیق کے لیے اپنے دل چسپی کے میدان سے متعلق گفتگو کرنی ہوگی۔ انٹرویو بورڈ درج ذیل پہلوؤں کو بھی پیش نظر رکھے گا:

- امیدوار مجوزہ تحقیق کی استعداد کا حامل ہو
- تحقیق کا کام یونیورسٹی میں بہتر طریقہ سے انجام دیا جاسکتا ہے۔
- مجوزہ میدان تحقیق نئی/اضافی معلومات فراہم کرسکتا ہے۔
- امیدوار اردو زبان میں تحریری صلاحیت کا حامل ہو۔

c. ایم فل/پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کا اہل ہونے کے لیے امیدوار کا داخلہ امتحان کے تحریری امتحان اور انٹرویو میں علاحدہ علاحدہ 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔

d. زبانوں کے شعبہ کے سوا تمام پروگراموں کے داخلہ امتحان کا ذریعہ اردو ہوگا۔

iii. **تحقیقی پروگراموں کے لیے داخلہ امتحان سے استثنیٰ**

- جن امیدواروں نے متعلقہ مضمون میں UGC/CSIR - JRF/NET/valid GATE score/ SLET کامیاب ہوں یا ٹیچر فیلوشپ کے حامل ہوں یا ایم فل ڈگری حاصل کر چکے ہوں(پی ایچ ڈی کی صورت میں) ان کے لئے تحریری امتحان لازمی نہیں ہے۔ تاہم انٹرویو میں ان کی شرکت لازمی ہے۔
- داخلہ امتحان(تحریری امتحان) کے بدلے SLET / ایم فل کامیاب امیدواروں کو 50%؛ UGC/CSIR-NET/valid GATE score امیدواروں کو 60%؛ اور UGC/CSIR-JRF امیدواروں کو 70% نمبر دیے جائیں گے۔
- تاہم اگر امیدوار زیادہ نمبر حاصل کرنا چاہتے ہوں تو وہ داخلہ امتحان میں شریک ہو سکتے ہیں۔

- ایم فل ڈگری کے حامل امیدوار کو پی ایچ ڈی کے داخلہ امتحان سے استثنیٰ اور پروگرام میں داخلہ دیا جائے گا بشرطیکہ متعلقہ مضمون میں ایم فل کی ڈگری یو جی سی ضوابط 2009/2016 کے مطابق دی گئی ہو اور اس نے کورس ورک میں مجموعی طور پر 55% نمبر یا مساوی گریڈ حاصل کیا ہو۔ امیدوار کو پی ایچ ڈی انٹرویو سے قبل متعلقہ یونیورسٹی کے ارباب مجاز (رجسٹرار یا کنٹرولر امتحانات) سے اس کا صداقت نامہ پیش کرنا ہوگا۔
- فاصلاتی تعلیم کے ذریعے ایم فل کرنے والے امیدواروں کو تحریری امتحان سے استثنیٰ نہیں ہوگا۔
- مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے ایسے ایم فل اسکالر جس کے تحقیقی مقالے کی جانچ اور مثبت رپورٹ حاصل ہو چکی ہو اور زبانی امتحان نہ ہوا ہو اسے بھی تحریری امتحان سے استثنیٰ حاصل رہے گا۔ اگر وہ پی ایچ ڈی پروگرام کے لیے منتخب ہو جاتا ہے تو اس کا داخلہ عارضی ہوگا تا آنکہ وہ ایم فل کے زبانی امتحان میں کامیاب ہو جائے۔

iv. درج ذیل زمروں کے امیدوار اپنے آجر کی جانب سے تحریری اجازت نامے کی پیش کشی پر ریگولر پی ایچ ڈی پروگرام میں جز وقتی بنیاد پر داخلے کے اہل ہوں گے:

a. کسی یو جی سی / سی ایس آئی آر سے مسلمہ یونیورسٹی / کالج یا اطمینان بخش تحقیقی سہولتوں سے آراستہ عوامی شعبہ / سرکاری ادارے کا مستقل ملازم جس کی باقاعدہ ملازمت کی مدت دو سال ہو چکی ہو۔ امیدوار کو اس بات کا تحریری اقرار کرنا ہوگا کہ وہ پی ایچ ڈی پروگرام کی مدت کے دوران کم از کم ایک سال کی مدت کے لیے رخصت حاصل کرے گا؛ جن میں پہلے چھ ماہ کی رخصت پی ایچ ڈی کورس ورک کی کلاسز / مسئلہ کے تعین کے لیے اور چھ ماہ پی ایچ ڈی کا مقالہ جمع کرنے سے قبل۔

b. مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا مستقل استاد، چاہے وہ صدر مرکز پر ہو یا بیرونی کیمپس پر، جسے یونیورسٹی میں تدریس کا دو سالہ تجربہ ہو۔ جز وقتی پی ایچ ڈی کرنے کے خواہش منداساتذہ کے لیے لازمی ہے کہ وہ پہلے سمسٹر کے کورس ورک امتحانات کی تکمیل کے لیے 6 ماہ کی رخصت حاصل کریں۔

c. بشرطیکہ ایسے امیدوار داخلے کی باقی تمام کارروائی کو مکمل کریں اور پی ایچ ڈی کے ضوابط کے مطابق دیگر تمام شرائط کی تکمیل کریں۔

v. **ملحقہ کالجوں میں پی ایچ ڈی:** ملحقہ کالجوں میں طلبا / نشستوں کا تعین (جہاں بھی اطلاق ہو) میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ ایسے امیدواروں کے لیے صدر مرکز پر متعلقہ شعبہ جات میں پی ایچ ڈی کورس ورک کی تکمیل لازمی ہوگی اور آگے کی کارروائیاں یونیورسٹی کے پی ایچ ڈی ضوابط کے مطابق ہوں گی۔

vi. **بیرونی طلبا:** یونیورسٹی بیرون ملک کے طلبا کو بھی داخلہ دے گی اور ان پر بھی یونیورسٹی کے پی ایچ ڈی ضوابط نافذ ہوں گے۔

vii. کورس ورک کی مدت کے دوران کم سے کم حاضری کی شرط پورا نہ کرنے اور متعینہ وقت میں ایم فل / پی ایچ ڈی کورس ورک کامیاب نہ کرنے کی صورت میں ریسرچ اسکالر کا داخلہ خود بخود منسوخ ہو جائے گا۔

viii. زبانوں کے شعبہ جات کے سوا دوسرے تمام ریسرچ اسکالر کی جانب سے ایم فل / پی ایچ ڈی کے مقالے دو زبانوں (اردو اور انگریزی) میں داخل کرنے ہوں گے۔

ix. داخلے کے وقت اعلان کردہ نشستوں کی تعداد میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

x. تحقیقی پروگراموں میں داخلے لینے والے تمام طلبا موجودہ اور وقتاً فوقتاً اعلان کیے جانے والے قواعد و ضوابط کی پابندی کریں گے۔

24. **داخلہ امتحان کے سوالیہ پرچوں کا نمونہ:** تمام پروگراموں کے داخلہ امتحانات کے سوالیہ پرچوں کا نمونہ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ یہ امتحان صرف کثیر انتخابی سوالات (MCQs) کے نمونے پر ہوگا۔ اور جوابی بیاض OMR شیٹ کی صورت میں ہوگا۔

25. **مماثل اسناد کی فہرست:** مختلف پروگراموں میں داخلے کے لیے یونیورسٹی کی جانب سے تسلیم شدہ مماثل اسناد کی فہرست یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

26. **قانونی معاملات کا دائرہ کار:** تمام قانونی تنازعات کا دائرہ کار حیدرآباد کی عدالت تک محدود رہے گا۔

## IV تعلیمی پروگراموں کی تفصیلات

### i. برج کورسز (2 سمسٹر)

یونیورسٹی نے مدارس کے طلبا کے لیے 'برج کورس' کا آغاز کیا ہے۔ مدرسہ نظام تعلیم سے فارغ طلبا کے لیے اس وقت بعض مخصوص یونیورسٹیوں میں صرف عربی، اردو اور اسلامیات وغیرہ کے کورسز میں عمودی پیش رفت کے محدود مواقع حاصل ہیں۔ اس نظام تعلیم کے طلبا کو عصری تعلیمی نظام سے جوڑنے کے لیے انڈر گریجویٹ (بی ایس سی اور بی کام) اور پالی ٹکنک پروگراموں کے لیے برج کورسز شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس کورس کی تکمیل کے بعد طلبا مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں پڑھائے جانے والے متعلقہ مضامین کے گریجویٹ کورسز اور پالی ٹکنک پروگراموں میں داخلے کے اہل ہو جائیں گے۔ اس سے انہیں اپنی پسند کے میدان میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کا موقع بھی فراہم ہوگا اور ان کی روزگار کی اہلیت میں بھی اضافہ ہوگا۔ نصاب اور کورس کے مواد میں مضامین کی ان مبادیات اور اس کے وسیع فہم پر توجہ مرکوز رہے گی جو عام اسکولوں کے طلبا میں پائی جاتی ہے۔ اس کورس کی مدت دو سمسٹر کی ہوگی۔

**داخلے کی اہلیت:(میرٹ کی بنیاد پر داخلے**

| پروگرام | اہلیت | نشستیں |
|---|---|---|
| برج کورس برائے پالی ٹکنک پروگرام | مدرسہ نظام کے طلبا (یونیورسٹی ویب سائٹ پر فہرست ملاحظہ کریں ) | 30 |
| برج کورس برائے بی کام و بی ایس سی پروگرام | | ہر مضمون میں 30 |

**II. گریجویٹ پروگرام برائے السنہ، سماجی علوم اور سائنسی علوم (تین سالہ ڈگری۔بی اے، بی کام اور بی ایس سی)**

یونیورسٹی کی جانب سے السنہ، سماجی علوم، کامرس اور سائنس میں انڈر گریجویٹ پروگرام دستیاب ہیں تاکہ ان کے ذریعے تدریس واکتساب کے بین علومی اور کثیر علومی طرز کو فروغ دیا جاسکے اور طلبا کی علمی فہم کو وسیع کیا جائے اور وہ تحقیق کی جانب مائل ہوسکیں۔ یہ پروگرام اختیار پر مبنی کریڈیٹ سسٹم(CBCS) طرز کے ہیں۔

1۔ اس پروگرام میں بنیادی کورسز(C C)، اضافہ قابلیت کے کورسز(A E C)، اضافہ مہارت کے کورسز(S E C)، شعبہ علم سے منتخبات(D S E) اور عمومی منتخبات(G E C) کے زمروں کے کورسز شامل ہوں گے۔ عمومی منتخبات کورسز تمام مضامین کے گریجویشن طلبہ کے لیے کھلے ہوں گے۔

2۔ انڈر گریجویٹ پروگرام مشترکہ طور پر متعلقہ مضامین/زبان کے شعبہ جات کی جانب سے فراہم کیے جائیں گے۔ متعلقہ ڈین انڈر گریجویٹ پروگراموں کو مربوط (Co-ordinate) کریں گے۔

**i. بیچلر آف آرٹس (بی اے)[میرٹ کی بنیاد پر داخلے]**

| انڈر گریجویٹ پروگرام | اہلیت | نشستیں |
|---|---|---|
| بیچلر آف آرٹس (بی اے) | کسی مسلمہ بورڈ/ادارے یا مدرسے سے 10+2 یا مماثل کامیاب (یونیورسٹی ویب سائٹ پر فہرست ملاحظہ کریں) | 150 |

**بی اے پروگرام کی ساخت، کورسز اور کریڈٹس کی تعداد سے متعلق تفصیلات ( 120 کریڈٹس):**

| پروگرام کا نام | سمسٹر | کورسز کا نام، پرچوں کی تعداد اور ہر پرچے کے کریڈٹس کی تعداد | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | بنیادی کورسز (6 کریڈٹس) | اضافہ قابلیت کے کورسز(AEC) (2 کریڈٹس) | اضافہ مہارت کے کورسز(SEC) (2 کریڈٹس) | مضمون سے متعلق منتخبات(6) (DSE کریڈٹس) سماجی علوم سے | عمومی منتخبات(GE) (6 کریڈٹس) |
| بی اے | I | 3 | 1 | - | - | - |
| | II | 3 | 1 | - | - | - |
| | III | 3 | - | 1 | - | - |
| | IV | 3 | - | 1 | - | - |
| | V | - | - | 1 | 2 | 1 |
| | VI | - | - | 1 | 2 | 1 |
| | | **12** | **2** | **4** | **4** | **2** |
| ہر سمسٹر میں 2 کریڈٹس کے Non CGPA کورسز ہوں گے۔ | | | | | | |



بی اے پروگرام کے لیے اختیاری مضامین:

| درج ذیل فہرست سے کسی ایک مضمون کا انتخاب کریں(بنیادی کورس) | مضامین کے درج ذیل مجموعوں میں سے کسی ایک مجموعہ کا انتخاب کریں (بنیادی کورسز) | | اضافہ قابلیت کے کورسز(AEC) |
|---|---|---|---|
| انگریزی/اردو/ہندی/عربی/فارسی | معاشیات | نظم ونسق عامہ | 1. ترسیلی انگریزی/اردو( ان طلبا کے لیے جنھوں نے انگریزی کو بنیادی کورسز کی حیثیت سے منتخب کیا ہو) پہلے سمسٹر میں<br>2. ماحولیاتی علوم (دوسرے سمسٹر میں) |
| | معاشیات | سیاسیات | |
| | معاشیات | سماجیات | |
| | معاشیات | تاریخ | |
| | معاشیات | اسلامیات | |
| | تاریخ | نظم ونسق عامہ | |
| | تاریخ | سیاسیات | |
| | تاریخ | سماجیات | |
| | تاریخ | اسلامیات | |
| | نظم ونسق عامہ | سماجیات | |
| | نظم ونسق عامہ | سیاسیات | |
| | نظم ونسق عامہ | اسلامیات | |
| | سیاسیات | سماجیات | |
| | سیاسیات | اسلامیات | |
| | سماجیات | اسلامیات | |

### ii. بیچلر آف کامرس (بی کام) میرٹ کی بنیاد پر داخلے

| انڈر گریجویٹ پروگرام | اہلیت | نشستیں |
|---|---|---|
| بی کام | کسی مسلمہ بورڈ یا ادارے سے 10+2 یا اس کے مساوی سند | 40 |

بی کام پروگرام کی ساخت، کورسز اور کریڈٹس کی تعداد سے متعلق تفصیلات ( 120 کریڈٹس):

| پروگرام کا نام | سمسٹر | کورسز کا نام، پرچوں کی تعداد اور ہر پرچے کے کریڈٹس کی تعداد | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | بنیادی کورسز (6 کریڈٹس) | انگریزی زبان (6 کریڈٹس) | اضافہ قابلیت کے کورسز(AEC) (2 کریڈٹس) | اضافہ مہارت کے کورسز(SEC) (4 کریڈٹس) | مضمون سے متعلق منتخبات (DSE) (6 کریڈٹس) سماجی علوم سے | عمومی منتخبات(GE) (6 کریڈٹس) |
| بی کام | I | 2 | 1 | 1(اردو) | - | - | - |
| | II | 2 | 1 | 1(ماحولیاتی علم) | - | - | - |
| | III | 2 | 1 | - | 1 | - | - |
| | IV | 2 | 1 | - | 1 | - | - |
| | V | - | - | - | 1 | 2 | 1 |
| | VI | - | - | - | 1 | 2 | 1 |
| | | 8 | 4 | 2 | 4 | 4 | 2 |
| ہر سمسٹر میں 2 کریڈٹس کے Non CGPA کورسز ہوں گے۔ | | | | | | | |

### iii. بیچلر آف سائنس (بی ایس سی) میرٹ کی بنیاد پر داخلے

| انڈر گریجویٹ پروگرام | اہلیت | نشستیں |
|---|---|---|
| 1. طبیعی علوم (ریاضی، طبعیات، کیمیا-ایم پی سی) | کسی مسلمہ بورڈ یا ادارے سے 10+2 یا اس کے مساوی سند کامیاب کی ہو اور طالب علم نے 2+ میں متعلقہ مضامین پڑھے ہوں | 40 |
| 2. طبیعی علوم (ریاضی، طبعیات، کمپیوٹر سائنس-ایم پی سی ایس) | | 40 |
| 3. حیاتی سائنسز (حیوانیات، نباتیات، کیمیا - زیڈ بی سی) | | 40 |

### بی ایس سی پروگرام کی ساخت، کورسز اور کریڈٹس کی تعداد سے متعلق تفصیلات (120 کریڈٹس):

#### بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی سی/ایم پی سی ایس): ریاضی (C1)، طبیعات (C2)، کیمیا/کمپیوٹر سائنس (C3) :

| پروگرام کا نام | سمسٹر | کورسز کا نام، پرچوں کی تعداد اور ہر پرچے کے کریڈٹس کی تعداد | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | بنیادی کورسز (6 کریڈٹس) | اضافہ قابلیت کے کورسز (AEC) (2 کریڈٹس) | اضافہ مہارت کے کورسز (SEC) (2 کریڈٹس) | مضمون سے متعلق منتخبات (DSE) (6 کریڈٹس) |
| بی ایس سی (ایم پی سی/ایم پی سی ایس) | I | C1-I , C2-I, C3-I | 1 | - | - |
| | II | C1-II,C2-II,C3-II | 1 | - | - |
| | III | C1-III,C2-III,C3-III | - | SEC-I | - |
| | IV | C1-IV,C2-IV,C3-IV | - | SEC-II | - |
| | V | - | - | SEC-III | DSE-II,DSE-III,DSE-III |
| | VI | - | - | SEC-IV | DSE-IV,DSE-V,DSE-VI |
| | | 12 | 2 | 4 | 6 |
| ہر سمسٹر میں 2 کریڈٹس کے Non CGPA کورسز ہوں گے۔ | | | | | |

#### بی ایس سی (حیاتی علوم-زیڈ بی سی): حیوانیات (C1)، نباتیات (C2)، کیمیا (C3) :

| پروگرام کا نام | سمسٹر | کورسز کا نام، پرچوں کی تعداد اور ہر پرچے کے کریڈٹس کی تعداد | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | بنیادی کورسز (6 کریڈٹس) | اضافہ قابلیت کے کورسز (AEC) (2 کریڈٹس) | اضافہ مہارت کے کورسز (SEC) (2 کریڈٹس) | مضمون سے متعلق منتخبات (DSE) (6 کریڈٹس) |
| بی ایس سی (زیڈ بی سی) | I | C1-I, C2-I, C3-I | 1 | - | - |
| | II | C1-II, C2-II, C3-II | 1 | - | - |
| | III | C1-III, C2-III, C3-III | - | SEC-I | - |
| | IV | C1-IV, C2-IV, C3-IV | - | SEC-II | - |
| | V | - | - | SEC-III | DSE-II, DSE-III, DSE-III |
| | VI | - | - | SEC-IV | DSE-IV, DSE-V, DSE-VI |
| | | 12 | 2 | 4 | 6 |
| ہر سمسٹر میں 2 کریڈٹس کے Non CGPA کورسز ہوں گے۔ | | | | | |

## III. اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات:

اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات 2004 میں قائم کیا گیا۔ اس اسکول میں چھ شعبے ہیں۔

### 1. شعبہ اردو

شعبہ اردو کا مقصد عمومی طور پر انسانوں کی زندگی میں اردو زبان کی ادبی اور ثقافتی قدر و قیمت سے متعلق شعور کی بیداری اور ملکی و عالمی سطح پر اردو ادب و ثقافت کی معنویت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس کا مقصد اردو ثقافت کو ہندوستانی فکر کی نمائندہ ثقافت، اردو زبان کو علم کی زبان اور اردو ادب کو اقدار کے ادب کی حیثیت سے فروغ دینا ہے جس نے وقت کی آزمائشوں کا ثابت قدمی سے مقابلہ کیا اور مسلسل پیش رفت کی ہے۔ شعبہ چاہتا ہے کہ میدان علم کو وسیع کرنے کی خاطر اصلی تحقیق کی جائے۔ اس وقت شعبہ کی جانب سے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛ گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز؛ ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی کے علاوہ پانچ جزوقتی پروگرام جاری ہیں۔ جدید ادب، زبان و ثقافت کا مطالعہ؛ دکنی زبان، ادب و ثقافت؛ لسانیات؛ ابلاغ عامہ؛ ترجمہ اور ادبی تنقید کے میدان میں نئے طرز وغیرہ شعبہ میں تحقیق کے خصوصی میدان ہیں۔

### 2. شعبہ انگریزی

شعبہ انگریزی کا مقصد انگریزی زبان وادب کے جدید رجحانات سے طلبا کو واقف کروانا ہے۔ شعبہ یہ چاہتا ہے کہ ایک کلی تجزیاتی اور تنقیدی تناظر تخلیق کیا جائے اور سماج میں فعال و مثبت شرکت اور خدمت کے لیے طلبا کو تیار کیا جائے۔ شعبہ کی جانب سے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛ گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز؛ ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے پروگرام فراہم ہیں۔ اس کے علاوہ شعبہ انڈر گریجویٹ طلبا کو انگریزی کی تدریس کرتا ہے اور دیگر شعبوں کے طلبا کے لیے زبان کی مہارت کے کورس بھی چلاتا ہے تاکہ ان کے اندر حصول روزگار کی اہلیت پیدا کی جاسکے۔ شعبہ کا ایک اہم مقصد یہ ہے کہ اردو۔ انگریزی بین لسانی تحقیق اور اختراعی اور بین علومی تحقیق کو فروغ دیا جائے۔ شعبہ کی جانب سے پابندی کے ساتھ قومی سطح کی کانفرنسیں منعقد کی جاتی ہیں اور مولانا آزاد جرنل آف انگلش لینگویج اینڈ لٹریچر (MAJELL) کے نام سے ایک بین الاقوامی ششماہی جریدہ ماہ مارچ اور ستمبر میں شائع ہوتا

ہے۔اس کا مقصد مختلف تہذیبوں کے درمیان باہمی تفہیم،ادبی فکر کی توسیع اوراظہار کے لسانی امکانات کی تلاش ہے۔ شعبے میں تحقیق کے لیے مرکز توجہ میدان درج ذیل ہیں: تاریخ انگریزی زبان،انگریزی ادب کی تاریخ،انگریزی زبان کی تدریس،ہندوستان میں انگریزی کی تدریس،انگریزی صوتیات،اسلوبیات، برطانوی انگریزی ادب،امریکی انگریزی ادب،دولت مشترکہ کا انگریزی ادب،اردو وانگریزی مطالعات ترجمہ، مسلم انگریزی ادب،انگریزی میں ہندوستانی تحریریں اورادبی نظریات و تنقید۔

### 3. شعبہ ہندی

یہ شعبہ غیر ہندی علاقوں میں ہندی کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔ شعبہ ہندی، اردو، دکنی زبان ثقافت میں تحقیق اور بین علومی طرز مطالعہ پر خصوصی توجہ مرکوز کرتا ہے۔شعبہ کی جانب سے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛ گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز؛ایم اے،ایم فل اور پی ایچ ڈی کے علاوہ ایک جزوقتی پروگرام چلایا جارہا ہے۔شعبہ کی جانب سے تانیثی ادب، دلِت ادب، عہد وسطیٰ کی شاعری، جدید ادب، تقابلی ادب، ترجمہ، کتھا ساہتیہ، ڈرامہ، آدی واسی و مسلم ڈسکورس اور جدید تھیٹر وغیرہ تحقیق کے لیے خصوصی توجہ کے میدان ہیں۔

### 4. شعبہ ترجمہ

شعبہ ترجمہ اپنے خصوصی اردو پس منظر کی وجہ سے ہندوستان میں اپنی نوعیت کا واحد شعبہ ہے۔ شعبہ میں گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز؛ایم اے مطالعات ترجمہ کے پوسٹ گریجویٹ پروگرام کے علاوہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تحقیقی پروگرام بھی فراہم ہیں۔ شعبہ مطالعات ترجمہ اپنے طلبا میں مستحکم نظریاتی بنیادوں کی تشکیل کے علاوہ ترجمہ کے عملی پہلوؤں پر بھی خاص توجہ مرکوز کرتا ہے تاکہ ان طلبہ کی پیشہ ورانہ انداز میں ترجمہ کی تربیت ہوسکے، دوسری جانب انہیں مطالعات ترجمہ کے میدان میں تحقیقی کام کے لیے حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے۔ ترجمہ کے جدید رجحانات، ترجمہ کی تکنالوجیاں اور اصطلاحی مسائل وغیرہ اس کے نصاب کا حصہ ہیں۔شعبہ کی جانب سے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ پروگراموں کے لیے ترجمے کے عمومی منتخب کورسز بھی فراہم ہیں۔

### 5. شعبہ عربی

شعبہ عربی کا قیام دسمبر 2006 میں ہوا۔ اپنے قیام ہی سے یہ شعبہ طلبا میں عربی زبان و ادب کی تعلیم کے علاوہ تحقیق کے میدان میں تربیت پر اپنی توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ عربی عالمی سطح کے جدید ادب کی زبان ہے اور تجارت و ترجمے کی مارکٹ میں اس نے کافی اہمیت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوان اسکالروں کے لیے روزگار کے متنوع مواقع بھی فراہم کیے ہیں۔ شعبہ کی جانب سے طلبا کو موثر اور بہترین تربیت پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے تاکہ انہیں روزگار کے قابل بنایا جاسکے۔اس شعبہ میں مدارس کے طلبہ کے لیے برج کورس؛ گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز؛ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے علاوہ جدید عربی زبان و ترجمہ کا ایڈوانس ڈپلوما، عربی ڈپلوما اور عربی میں مہارت کا سرٹی فیکیٹ کے تین جزوقتی متوازی پروگرام فراہم کیے جاتے ہیں۔ شعبہ سے فارغ طلبہ کو مختلف قومی اور کثیر قومی اداروں میں اچھی ملازمت حاصل ہورہی ہے۔

### 6. شعبہ فارسی

شعبہ فارسی کی جانب سے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛بی اے (ریگولر)(اختیاری بنیادی پرچہ) اور دوسری زبان؛ایم اے، ایم فل، پی ایچ ڈی اور فارسی میں زبان کے کورس کا ڈپلوما(دو سمسٹر) اور فارسی میں مہارت کا سرٹی فیکیٹ (ایک سمسٹر) کے پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ شعبہ کے مطالعات فارسی میں تقابلی لسانیات، علم مخطوطات، دستاویز خواندگی اور ترجمہ، تاریخ نگاری، کتبہ شناسی، مسکوکیات، صوفی شعرا، ہندایرانی ادب، ثقافتی مطالعات اور فارسی ادب، زبان و ثقافت کے جدید رجحانات وغیر پر تحقیقی کام انجام دیا جاتا ہے۔شعبہ فارسی، مانو جدید تناظر میں فارسی مطالعات کے بنیادی مقاصد کی تکمیل کے لیے کوشاں ہے یعنی فارسی ہمارے قومی ثقافتی ورثہ کی ایک تحقیقی زبان ہے اور ایک بین الاقوامی زبان بھی ہے۔



## الف۔ اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات میں پوسٹ گریجویٹ پروگراموں کی تفصیل:

| پروگرام | نشستوں کی تعداد | اہلیت |
|---|---|---|
| بنیادی اہلیت: تمام پوسٹ گریجویٹ پروگراموں کے لیے کسی مسلمہ ادارے/یونیورسٹی سے 45 فیصد نشانات کے ساتھ گریجویشن یا مماثل ڈگری کامیاب اور | | |
| ایم اے اردو | 30 | گریجویشن یا مماثل ڈگری سطح پر اردو لازمی یا اختیاری مضمون یا زبان کے طور پر پڑھی ہو (مدرسوں کی فہرست ملاحظہ کریں)۔ مزید یہ کہ متعلقہ مضامین یعنی عربی اور فارسی کے امیدواروں کو بھی داخلے کے لیے غور کیا جاسکتا ہے۔ |
| ایم اے انگریزی | 50 | انگریزی میں 45% نمبر<br>ترجیح: (الف) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی ادب + اردو سے واقفیت (ب) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بطور اختیاری مضمون + اردو سے واقفیت۔ (ج) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بحیثیت زبان + اردو سے واقفیت۔ (د) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی ادب/آنرز۔ (ھ) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بحیثیت اختیاری مضمون۔ (و) عام انگریزی 'الف' سے 'و' تک کے اہلیتی معیار کے تحت داخلے اس شرط کے ساتھ مشروط ہوں گے کہ وہ اردو مہارت کے کورس میں داخلے اور کامیابی کا اقرار نامہ لکھ کر دے۔ |
| ایم اے ہندی | 30 | گریجویشن یا مماثل ڈگری میں ہندی بطور زبان یا اختیاری مضمون ہندی میں 45 فیصد نمبر حاصل کیے ہوں۔ |
| ایم اے مطالعات ترجمہ | 20 | گریجویشن یا مماثل ڈگری کی سطح پر انگریزی اور اردو بطور مضمون پڑھی ہو۔ |
| ایم اے عربی | 40 | گریجویشن یا مماثل ڈگری میں عربی لازمی یا دوسری زبان کے طور پر پڑھی ہو (مدارس کی فہرست ملاحظہ کریں)۔ مذکورہ بالا بنیادی اہلیت کے ساتھ عربی میں ایڈوانس/سینئر ڈپلوما کے حامل امیدوار بھی اہل ہوں گے۔ عربی لازمی زبان کے طور پر پڑھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| ایم اے فارسی | 30 | فارسی لازمی یا دوسری زبان کے طور پر پڑھی ہو یا بطور زبان اردو یا عربی کے ساتھ گریجویشن یا مماثل (مدارس کی فہرست ملاحظہ کریں) امتحان کامیاب کیا ہو اور کسی بھی سطح پر فارسی پڑھی ہو۔ |

## ب۔ اسکول برائے السنہ، لسانیات وہندوستانیات میں تحقیقی پروگرام:

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| ایم فل (اردو) | 06 | متعلقہ پوسٹ گریجویٹ پروگرام میں 55 فیصد نشانات سے کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔<br>ہندی/انگریزی میں ایم فل/پی ایچ ڈی کی صورت میں ان امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی جو اردو پڑھے ہوئے ہوں۔ اردو سے مستثنیٰ امیدواروں کے داخلے اس شرط کے ساتھ مشروط ہوں گے کہ وہ یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کیے جانے والے اردو مہارت کے کورس میں داخلے اور کامیابی کا تحریری اقرار نامہ دے۔ جس کی تکمیل کے بغیر ڈگری نہیں دی جائے گی۔ |
| پی ایچ ڈی (اردو) | 03 | |
| ایم فل (انگریزی) | 06 | |
| پی ایچ ڈی (انگریزی) | 07 | |
| پی ایچ ڈی (ہندی) | 01 | |
| پی ایچ ڈی (عربی) | 02 | |
| ایم فل (فارسی) | 04 | |
| پی ایچ ڈی (فارسی) | 02 | |
| پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ) | 02 | متعلقہ پوسٹ گریجویٹ پروگرام میں 55 فیصد نشانات سے کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔<br>جو امیدوار مطالعات ترجمہ کے بجائے کسی اور مضمون میں پوسٹ گریجویشن کیے ہوئے ہوں ان کے لیے ضروری ہے کہ وہ درج ذیل میں سے کسی ایک اضافی شرط کی بھی تکمیل کریں:<br>1. کسی مستند ادوری رسالے میں انگریزی سے اردو میں ترجمہ کیے ہوئے پانچ مضامین کی اشاعت۔ 2. کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے یا ذرائع ابلاغ کے کسی معروف ادارے میں انگریزی اردو مترجم کی حیثیت سے تین سالہ تجربہ۔ 3. انگریزی سے اردو میں ترجمہ شدہ کم از کم 100 صفحات کی ایک کتاب کی اشاعت۔ |

## ج۔ اسکول برائے السنہ، لسانیات وہندوستانیات کے جز وقتی/متوازی پروگرام

یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں داخلہ حاصل کیے ہوئے طلبہ جز وقتی کورسز کی حیثیت سے درج ذیل کورسز میں بھی داخلہ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ پروگرام اسی وقت چلائے جائیں گے جب کسی پروگرام میں کم سے کم 10 طلبہ نے داخلہ حاصل کیا ہو۔

| شعبہ | پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|---|
| اردو | ڈپلوما کورس۔ تحسین غزل | 20 | 10+2 یا مماثل، اردو/انگریزی/ہندی سے واقفیت |
| | پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما ان فنکشنل اردو | 25 | 45 فیصد مجموعی نشانات کے ساتھ کسی بھی یونیورسٹی سے گریجویشن کا امتحان کامیاب۔ 10/12 گریجویشن کی سطح پر اردو پڑھی ہو۔ |
| ہندی | پی جی ڈپلوما ان فنکشنل ہندی | 25 | کسی مسلمہ یونیورسٹی یا ادارے سے گریجویشن یا مماثل ڈگری امتحان کامیاب اور ہندی بحیثیت ایک زبان میں 45 فیصد نشانات حاصل کیے ہوں۔ |
| عربی | جدید عربی و ترجمہ میں ایڈوانس ڈپلوما | 30 | بی اے میں بحیثیت مضمون عربی/کسی مستند مدرسے سے عالم/فاضل کی سند یا کسی مسلمہ یونیورسٹی/کالج سے عربی میں ڈپلوما |
| | ڈپلوما ان عربک | 25 | 10+2 یا مماثل یا مسلمہ اداروں سے عالم/فاضل کامیاب، عربی سے واقفیت |
| فارسی | ڈپلوما ان پرشین | 25 | 10+2 یا مماثل یا مسلمہ اداروں سے عالم/فاضل کامیاب۔ |
| | فارسی میں مہارت کا سرٹی فیکیٹ | 25 | 10+2 یا مماثل یا مسلمہ اداروں سے عالم/فاضل کامیاب۔ |

## IV. اسکول برائے فنون وسماجی علوم

اسکول برائے فنون وسماجی علوم کا قیام سال 2006 میں ہوا۔ اس اسکول میں فی الوقت آٹھ شعبہ جات قائم ہیں۔

### 1. شعبہ تعلیم نسواں

یہ شعبہ 2004 میں قائم کیا گیا۔ اس وقت شعبہ میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ طلبا کو صنفی حساسیت، خواتین کی بااختیاری، خواتین کی ترقی، پالیسی وپروگرام، قانونی بیداری، تانیثی تنقید، تانیثی نظریات کا تصور، سروے، تحقیق اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ شراکت کے ذریعے خواتین کے مسائل پر تجرباتی علم سے طلبا کو واقف اور لیس کرنا شعبہ کے اہم مقاصد ہیں۔ شعبہ کی جانب سے مسلم خواتین کے مسائل پر تحقیق کی جاتی ہے اور ان سے متعلق حقائق اور عملی واقعات کی دستاویز سازی بھی کی جاتی ہے۔

### 2. شعبہ نظم ونسق عامہ

شعبہ نظم ونسق عامہ 2006 میں قائم کیا گیا۔ یہاں مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛ گریجویشن پروگراموں کے لیے کورسز، ایم اے نظم ونسق عامہ اور ایم فل (نظم ونسق عامہ) اور پی ایچ ڈی (نظم ونسق عامہ) فراہم ہیں۔ شعبہ ان میدانوں میں گہری معلومات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے تاکہ سیاسی وانتظامی مفکرین وعاملین، ماہرین اور سیول سروس و کارپوریٹ شعبہ میں شامل ہونے کے خواہش مندوں کی تیاری کا کام ہو سکے۔

### 3. شعبہ سوشل ورک

شعبہ سماجی کام کا قیام 2009 میں ہوا۔ شعبہ سماجی کام ایسے سماجی جہدکاروں کو تیار کرنا چاہتا ہے جو ملک کے پسماندہ علاقوں میں سماج کے پچھڑے طبقات کی خدمت کرنے کا میلان رکھتے ہوں۔ اس شعبہ میں اردو جاننے والے طلبا کے لیے ماسٹر آف سوشل ورک (MSW) کے نام سے ایک دو سالہ/چار سمسٹر کا پوسٹ گریجویٹ پروگرام اور ایک تحقیقی پروگرام پی ایچ ڈی سوشیل ورک چلایا جارہا ہے۔ شعبہ نے حیدرآباد اور اس کے اطراف موجود مختلف غیر سرکاری تنظیموں اور سرکاری منصوبوں کے ساتھ ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا ہے تاکہ طلبا کو موثر اور سخت قسم کے فیلڈ ورک کی تربیت دی جاسکے۔ پابندی کے ساتھ ہونے والے ہفتہ وار انفرادی کانفرنسوں، فیلڈ ورک کے سمیناروں اور مہارتی تجربہ گاہوں نے طلبہ کی معلومات اور بنیادی مہارتوں کو مستحکم کرنے اور ان میں ترقی پسندانہ اقدار کے فروغ کے لیے شعبہ کی جدت اور اس کے عزم میں اضافہ کیا ہے۔ شعبہ نے 2014 میں پی ایچ ڈی پروگرام کا آغاز کیا۔ شعبہ میں جن میدانوں کی تحقیق پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے وہ اس طرح ہیں: اقلیتیں۔ صنفی مسائل کے خصوصی حوالے سے، عملی ومداخلتی تحقیق پر زیادہ توجہ۔

### 4. شعبہ اسلامیات

شعبہ اسلامیات 2012 میں قائم کیا گیا۔ اس شعبہ میں ایم اے، ایم فل اور انڈر گریجویٹ پروگراموں کے کورسز فراہم ہیں۔ جدید تناظر میں اسلامیات کے کورسز فراہم کرنا شعبہ کا اہم مقصد ہے۔ دورِ حاضر میں اسلام بالخصوص اس کے سیاسی نظریات اور سماجی طرز عوامی مباحث کا مرکز بن چکا ہے۔ اس کے علاوہ اسلام ہندوستان اور بحیثیت مجموعی پوری دنیا کے حوالے سے اپنی ثروت مند تہذیب وثقافت کی ایک طویل تاریخ رکھتا ہے۔ انسانی زندگی کے مختلف میدانوں میں اس کے کارنامے انتہائی منفرد نوعیت کے ہیں۔ انسانیت کی ترقی وفلاح میں اس نے قابل ذکر کردار ادا کیا ہے۔ یہ پہلو آج کی علمی دنیا میں تحقیق ومطالعہ کے موضوعات ہیں۔ شعبہ میں اسلامی علوم، ثقافت، تہذیب، تصوف اور افکار اسلامی کے وسیع میدانوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے تاکہ محققین کو اسلامیات کے موضوع پر تحقیق کی تربیت فراہم کی جاسکے۔

### 5. شعبہ سیاسیات

شعبہ سیاسیات کا قیام 2015 میں ہوا۔اس کے تحت مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛انڈر گریجویٹ پروگراموں کے کورسز،ایم اے اور ایم فل دستیاب ہے۔شعبہ ایسے ہمہ جہت اکتسابی تجربات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے جس میں گہرے تعلیمی،اطلاقی، عملی اور بین علومی تناظر کو مربوط کیا گیا ہے تاکہ تمام پس منظروں میں سیاسیات کا گہرا فہم حاصل ہو۔شعبہ کی توجہ نہ صرف طلبا کو بہترین شہری بنانے کی تربیت دینا ہے بلکہ مختلف النوع قسم کے عصری کیریئرس کے لیے موزوں بنانا بھی ہے۔

### 6. شعبہ تاریخ

شعبہ تاریخ کا قیام سال 2014 میں ہوا۔شعبہ کی جانب سے اس وقت مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس؛بی اے پروگرام کے کورسز اور ایم اے تاریخ دستیاب ہیں۔شعبہ میں مختلف معروف یونیورسٹیوں سے آئے ہوئے تجربہ کار اساتذہ موجود ہیں۔شعبہ نے قومی مفادات، ملک کے اقدار، طلبا کے روزگار کی اہلیت اور خواتین و دیگر پچھڑے طبقات کی ترقی کے حوالے سے یونیورسٹی کے بنیادی مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے نصاب تیار کیا ہے۔خاص طور پر شعبہ کا مقصد یہ ہے کہ معیاری تدریس و تحقیق کے عالمی معیارات کے ساتھ قومی یکجہتی اور کثیر تہذیبیت کی روح کو پروان چڑھایا جائے۔شعبہ کا منصوبہ ہے کہ سیاحتی انتظامیہ، مطالعہ جات عجائب خانہ جات(Museology)،انتظامِ آثاریات میں تحقیقی پروگرام وڈپلوما اور صنعتی ترقی، ثقافتی سفارت کاری اور حکومت ہند کی پالیسی منصوبہ بندی سے متعلق کورسز کا آغاز کیا جائے۔

### 7. شعبہ سماجیات

شعبہ سماجیات کا قیام سال 2014 میں ہوا۔شعبہ کی جانب سے مدارس کے طلبا کے لیے برج کورس، بی اے پروگرم کے کورسز اور ایک پوسٹ گریجویٹ پروگرام ایم اے (سماجیات) دستیاب ہے۔شعبہ سماجیات کا مقصد یہ ہے کہ تدریس، تربیت، تحقیق اور دیگر توسیعی سرگرمیوں کے ذریعے ماہرین سماجیات کی ایک ایسی جماعت تیار کی جائے جو بنیادی اہلیتوں، سماجی حساسیت اور سماجی نظاموں میں پائی جانے والی پیچیدگیوں کا اندازہ کرنے والے وسیع سماجی فہم سے آراستہ ہو۔

شعبہ میں جو نصاب فراہم ہے اس میں اسلام اور مسلم طبقات کی سماجیات سے متعلق مسائل پر توجہ دیتے ہوئے عمومی سماجیات سے متعلق امور کو مرکز توجہ بنایا گیا ہے۔طلبا کی میدانی مطالعات کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے جس کے باعث وہ نظریاتی علم کے ساتھ ساتھ عملی حقائق سے بھی واقف ہوتے ہیں۔

### 8. شعبہ معاشیات

شعبہ معاشیات کا قیام سال 2014 میں ہوا۔فی الحال شعبہ میں مدراس کے طلبا کے لیے برج کورس، انڈر گریجویٹ پروگرام بی اے کے کورسز اور ایک پوسٹ گریجویٹ پروگرام، ایم اے (معاشیات) فراہم ہے۔شعبہ کے اساتذہ متنوع میدانوں سے تعلق رکھتے ہیں جیسے بین الاقوامی تجارت، بین الاقوامی مالیات، اطلاقی حسابی معاشیات، مقداری معاشیات، زری معاشیات، اسلامک بینکنگ، صنف اور ترقیاتی معاشیات وغیرہ۔اساتذہ کا یہ متنوع اختصاص شعبہ میں مختلف الجہت تحقیق کو فروغ دے گا اور ساتھ ہی ساتھ معاشیات میں اس کے پوسٹ گریجویٹ پروگرام کو ایک گہرائی عطا کرے گا۔

زراعت، صنعت، حکومت، آئی ٹی شعبہ، بینکنگ ومالیات، این جی اوز اور سماج و معاشیات سے متعلق دیگر میدانوں کے لیے اطلاقی معاشیاتی تحقیق میں تربیت یافتہ افرادی قوت کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو شعبہ تسلیم کرتا ہے۔تدریس واکتساب کے ساتھ ساتھ شعبہ مستقبل قریب میں معاشیات میں پی ایچ ڈی پروگرام بھی شروع کرنا چاہتا ہے۔ بالعموم ہندوستان اور بالخصوص آندھرا پردیش و تلنگانہ میں پچھڑے ہوئے واقلیتی طبقات کی ترقی شعبہ کے مرکز توجہ میدان ہیں۔



i. اسکول برائے فنون وسماجی علوم کے پوسٹ گریجویٹ پروگرام:

| پروگرام | نشستوں کی تعداد | اہلیت |
|---|---|---|
| ایم اے(مطالعات نسواں) | 30 | 40فیصد نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن یا مماثل ڈگری۔ |
| ایم اے(نظم ونسق عامہ) | 30 | 40فیصد نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن یا مماثل ڈگری میں کامیابی۔ان امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی جنھوں نے گریجویشن میں نظم ونسق عامہ اور سیاسیات کے مضامین پڑھے ہوں۔ |
| ماسٹر آف سوشل ورک (MSW) | 30 | 45فیصد نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن یا مماثل ڈگری۔ سماجی علوم کے گریجویٹس کو ترجیح دی جائے گی |
| ایم اے(اسلامیات) | 30 | مجموعی طور پر 40فیصد نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن یا مماثل ڈگری۔ |
| ایم اے(سیاسیات) | 30 | 40 فیصد نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن یا مماثل ڈگری امتحان میں کامیابی۔ان امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی جنہوں نے گریجویشن میں نظم ونسق عامہ اور سیاسیات کے مضامین پڑھے ہوں۔ |
| ایم اے(تاریخ) | 30 | 40 فیصد نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن / مماثل ڈگری امتحان میں کامیابی۔ان امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی جنہوں نے گریجویشن میں تاریخ کا مضمون پڑھا ہو۔ |
| ایم اے(سماجیات) | 30 | 40% نمبروں کے ساتھ کسی بھی گریجویشن/ مماثل ڈگری امتحان میں کامیابی۔سماجیات، سماجی بشریات، تاریخ، سیاسیات، معاشیات، سماجی کام، مطالعات نسواں اور دیگر سماجی علوم پڑھے ہوئے امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| ایم اے(معاشیات) | 30 | 40فیصد نمبروں کے ساتھ معاشیات،انتظامیہ،اکاونٹنگ وفینانس،کامرس میں گریجویشن یا مماثل ڈگری امتحان میں کامیابی یا سماجی علم کے کسی بھی مضمون کے ساتھ ایک ذیلی پرچہ کے طور پر معاشیات یا بی ایس ڈبلیو/بی سی اے/ بی ایس سی۔(ریاضی /شماریات/طبیعات)۔ |

ii. اسکول برائے فنون وسماجی علوم کے تحقیقی پروگرام

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| ایم فل (مطالعہ نسواں) | 02 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے مطالعہ نسواں یا سماجی علوم/زبانوں میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (مطالعہ نسواں) | 02 | |
| ایم فل (نظم ونسق عامہ) | 04 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے نظم ونسق عامہ یا متعلقہ مضامین میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (نظم ونسق عامہ) | 04 | |
| پی ایچ ڈی ( سیاسیات) | 03 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے(سیاسیات) یا متعلقہ مضامین میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (سوشل ورک) | 02 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم ایس ڈبلیو میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (اسلامیات) | 02 | 55 فیصد نمبروں کے ساتھ اسلامک اسٹڈیز/عرب ثقافت میں ماسٹرس ڈگری میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔اسلامیات میں پوسٹ گریجویشن کیے ہوئے امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| پی ایچ ڈی(تاریخ) | 02 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے تاریخ میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی(معاشیات) | 02 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے معاشیات میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی(سماجیات) | 01 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم اے سماجیات میں کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |

iii. اسکول برائے فنون وسماجی علوم کے جز وقتی/متوازی پروگرام:

دسویں یا مساوی سند کا حامل کوئی بھی طالب علم اس جز وقتی پروگرام میں داخلہ لے سکتا ہے۔یونیورسٹی کے کسی پروگرام میں داخلہ حاصل کیے ہوئے طلبہ بھی داخلے کے اہل ہیں۔

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| اسلامک اسٹڈیز میں ڈپلوما | 30 | دسویں یا مماثل سند |

## v. اسکول برائے تعلیم وتربیت

اسکول برائے تعلیم وتربیت فی الوقت حیدرآباد میں ایک شعبہ تعلیم وتربیت اور ملک کے 8 مختلف مقامات، سری نگر(جموں وکشمیر)، دربھنگہ(بہار)، بھوپال(مدھیہ پردیش)، سنبھل(اترپردیش)، آسنسول(مغربی بنگال)، اورنگ آباد(مہاراشٹرا)، بیدر(کرناٹک) اور نوح(ہریانہ) میں واقع کالجز آف ٹیچر ایجوکیشن پر مشتمل ہے۔ سری نگر(جموں وکشمیر)، دربھنگہ(بہار) اور بھوپال(مدھیہ پردیش) کے کالج آف ٹیچر ایجوکیشن میں ایم ایڈ پروگرام بھی دستیاب ہے۔

تعلیم ہمارے ملک کے ہر بچے کا بنیادی حق ہے۔ اسکول برائے تعلیم وتربیت کا مقصد یہ ہے کہ تربیت کے ذریعہ ابتدائی، ثانوی اور اعلیٰ ثانوی سطح کے اساتذہ اور کالج آف ٹیچر ایجوکیشن کے لیے معلمین تیار کیے جائیں۔ اسکول برائے تعلیم وتربیت کے تحت ملک کے طول وعرض میں کالج آف ٹیچر ایجوکیشن کا جال پھیلا ہوا ہے۔ اسکول برائے تعلیم وتربیت کے تحت اردو میڈیم میں مختلف سطحوں کے ٹیچر ایجوکیشن بشمول ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگراموں کے لئے معیاری اور جدید طرز پر تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔

اس اسکول کے تحت حیدرآباد کے ہیڈ کوارٹرس میں شعبہ تعلیم وتربیت کی جانب سے اردو میڈیم میں ڈی ایل ایڈ، بی ایڈ، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ ملک کے مختلف مقامات سری نگر(جموں کشمیر)، دربھنگہ(بہار)، بھوپال(مدھیہ پردیش)، سنبھل( اترپردیش) ،آسنسول( مغربی بنگال)، اورنگ آباد(مہاراشٹرا)، بیدر(کرناٹک) اور نوح(ہریانہ) میں واقع 8 کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن میں بی ایڈ کے پروگرام چل رہے ہیں۔ اسکے علاوہ سری نگر(جموں کشمیر)، دربھنگہ(بہار) اور بھوپال(مدھیہ پردیش) میں ایم ایڈ کے پروگرام بھی جاری ہیں۔

### i. اسکول برائے تعلیم وتربیت کے تعلیمی پروگرام

| پروگرام | مدت | دستیاب نشستیں | لازمی اہلیت |
|---|---|---|---|
| ڈپلوما ان ایلمنٹری ایجوکیشن (ڈی۔ایل۔ایڈ) شعبہ تعلیم وتربیت یونیورسٹی کیمپس حیدرآباد۔ | 04 سمسٹر | 100 (50 کی دو اکائیاں) | ایسے امیدوار جنھوں نے سینئر سکنڈری یا انٹر میڈیٹ یا 10+2 میں مجموعی طور پر کم از کم 50% نشانات حاصل کئے ہوں۔ (سوائے پیشہ ورانہ کورسز) |
| بی ایڈ، شعبہ تعلیم وتربیت' یونیورسٹی کیمپس، حیدرآباد، اور<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، سری نگر، (جموں کشمیر)<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، دربھنگہ، (بہار)<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن بھوپال، ( مدھیہ پردیش)<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، آسنسول، ( مغربی بنگال) | 04 سمسٹر | ہر مقام پر 100 | ایسے امیدوار جنھوں نے کسی بھی مسلمہ جامعہ یا ادارے سے مجموعی طور پر کم از کم 50% نشانات کے ساتھ بی اے' بی ایس سی، بی ایس سی (ہوم سائنس) /بی کام میں کامیابی حاصل کی ہو۔<br>مضامین کی فہرست اور نشستوں کا فیصد<br>(الف) ریاضی (20%)<br>(ب) طبعی سائنس (15%)<br>(پ) حیاتیاتی سائنس (25%)<br>(ت) سماجی علوم (30%)<br>(ث) اردو (10%)<br>نوٹ: کسی بھی مضمون میں اہل اُمیدواروں کی تعداد مضمون کے لیے مختص نشستوں سے کم ہونے پر اس مضمون کی باقی نشستیں دوسرے مضامین کے اُمیدواروں سے پر کی جائیں گی۔ |
| بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، سنبھل، (اترپردیش)<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، اورنگ آباد (مہارشٹرا)<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، بیدر (کرناٹک)<br>بی ایڈ، مانو کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، نوح (ہریانہ) | 04 سمسٹر | ہر مقام پر 50 | |
| ایم۔ایڈ، شعبہ تعلیم وتربیت، یونیورسٹی کیمپس، حیدرآباد۔<br>ایم۔ایڈ، مانو تعلیم اساتذہ کالج، سری نگر، جموں کشمیر<br>ایم۔ایڈ، مانو تعلیم اساتذہ کالج، دربھنگہ، بہار<br>ایم۔ایڈ، تعلیم اساتذہ کالج، بھوپال، ایم۔پی | 04 سمسٹر | ہر مقام پر 50 | ایسے امیدوار جنھوں نے کسی مسلمہ جامعہ /ادارے سے مجموعی طور پر کم از کم 50% نمبر کے ساتھ بی۔ایڈ میں کامیابی حاصل کی ہو۔ |
| ایم۔فل، (ایجوکیشن)، شعبہ تعلیم وتربیت، یونیورسٹی کیمپس، حیدرآباد | 03 سمسٹر | 10 | وہ امیدوار جنھوں نے ایم۔ایڈ/ایم اے (ایجوکیشن) میں کم از کم 55% نمبر حاصل کئے ہوں اور عمومی ہدایات میں تحت بیان کئے گئے تحقیقی پروگرام کے اہلیتی معیار کے حامل ہوں۔ |
| پی۔ایچ ڈی، (ایجوکیشن)، شعبہ تعلیم وتربیت، یونیورسٹی کیمپس، حیدرآباد | 3-6 سال | 16** | ایسے امیدوار جنھوں نے کسی مسلمہ یونیورسٹی یا ادارے سے کم از کم 55% نشانات کے ساتھ ایم ایڈ/ایم اے (ایجوکیشن) مع بی ایڈ / ایم فل (ایجوکیشن) کامیاب کیا ہو اور اس پراسپکٹس کے عمومی ہدایات میں کئے گئے لازمی اہلیتی معیار کے حامل ہوں، داخلے کے اہل ہیں۔ |

**بھوپال، دربھنگہ اور سری نگر کے ہر کالج آف ٹیچر ایجوکیشن کے لیے 2 نشستیں

***(جہاں نشستوں کی تعداد 50 ہے وہاں تعلیمی سال 2017-18 میں طبعی علوم کی نشستیں 7 اور حیاتیاتی علوم کی نشستیں 13 ہوں گی)**

**نوٹ:**

1. جن امیدواروں نے بی ایڈ/ڈگری/انٹر میڈیٹ سال آخر کے امتحان میں شرکت کی ہو اور نتیجہ کے منتظر ہیں وہ بھی بالترتیب ایم ایڈ/بی ایڈ/ڈی ایل ایڈ کے داخلہ امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔ تاہم انہیں کونسلنگ کے موقع پر اپنی مارکس شیٹ اور پروویژنل سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔
2. کونسلنگ کے موقع پر تمام اصل اسناد اور دوسرے متعلقہ دستاویزات کی تصدیق کی جائے گی۔
3. مانو کیمپس حیدر آباد کے باہر واقع کالج آف ٹیچر ایجوکیشن کے اساتذہ کی زیر نگرانی پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے والے طلبا کو چاہیے کہ وہ:
   i. ہیڈ کوارٹر یعنی حیدر آباد میں 6 ماہ کا کورس ورک اور لازماً مکمل کریں
   ii. اسکالر اور اس کے نگران کو زبانی امتحان کے لیے ہیڈ کوارٹر پر حاضر رہنا ہوگا۔

**تعلیمی سال 2017-18 کے لیے بی ایڈ کے علاوہ شعبہ تعلیم کے تمام پروگراموں کے داخلہ امتحانات کے سوالیہ پرچوں کا نمونہ گزشتہ سال ہی کے مماثل ہوگا۔**

**بی ایڈ پروگرام کے داخلہ امتحان کا نمونہ (کثیر انتخابی سوالات) درج ذیل ہے:**

| حصہ - A | حصہ - B 50 نمبر |
|---|---|
| عام معلومات - 10 نمبر | مضمون پر مبنی - درج ذیل میں سے کوئی ایک: |
| عام اردو - 10 نمبر | ریاضی/طبیعی علوم/حیاتیاتی علوم/سماجی علوم/اردو ادب |
| عام انگریزی - 10 نمبر | |
| تدریسی رجحان - 10 نمبر | |
| ذہنی استعداد - 10 نمبر | |
| **کل - 50 نمبر** | |

## VI. اسکول برائے تجارت و کاروباری انتظامیہ

### 1. شعبہ انتظامیہ

شعبہ انتظامیہ کا قیام تعلیمی سال 2004-05 میں اسکول برائے تجارت و کاروباری انتظامیہ کے تحت ایم بی اے پروگرام کے آغاز کے ساتھ عمل میں لایا گیا۔ انتظامیہ کے عام مضامین، جو کسی بھی انتظامیہ کے کورس کا لازمی جز و ہیں، کے علاوہ متعلقہ عملی میدانوں میں کیس اسٹڈیز، شخصیت کا ارتقا کے اجلاس، صنعت سے وابستہ ماہرین کے مہمان لکچرس، مختلف النوع عنوانات پر طلبا کے سمینار، مینجمنٹ گیمس اور صنعتی دورے جیسے امور پر خاص توجہ مرکوز کی گئی۔ اس پروگرام کا مقصد طلبا میں صنعت کا فہم بڑھانے اور کیریئر کی ترقی کے لیے درکار مہارتوں کے حصول ہے۔ شعبہ میں اس وقت مطالعاتِ انتظامیہ میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کے تحقیقی پروگرام بھی فراہم ہیں۔ یہ تحقیقی پروگرام جدت کو فروغ دیتے ہیں اور ایسی سرگرمیوں پر مرکوز ہیں جو صنعت اور سماج سے متعلق مسائل کے حل میں کارآمد ہوں نیز ایسے تجارت دوست رویے کے حامل ہیں جو بیرونی اشتراک کو بڑھاوا دے سکتے ہیں۔ شعبہ کی تحقیقی سرگرمیاں ان چار اہم میدانوں پر مرکوز ہیں: مارکٹنگ انتظامیہ، مالیاتی انتظامیہ، انسانی وسائل کا انتظامیہ اور عمومی انتظامیہ۔ شعبہ میں ایک انتہائی معاون تحقیقی ماحول موجود ہے جو نوجوان محققین کی آنے والی نسل کو پروان چڑھائے گا۔

### 2. شعبہ تجارت (کامرس):

شعبہ تجارت کا قیام تعلیمی سال 2015 -16 کے دوران اسکول برائے تجارت و کاروباری انتظامیہ کے تحت کیا گیا۔ شعبہ میں اس وقت مدارس کے طلبہ کے لیے برج کورس، بی کام اور ایم کام کے پروگرام فراہم ہے۔ ان پروگراموں میں تجارت، اکاونٹنگ و فینانس کے ابھرتے ہوئے مسائل پر مرکوز ہے جیسے اکاونٹنگ و فائنانس میں کمپیوٹر کا اطلاق، بینکنگ و انشورنس وغیرہ۔ اس کورس میں ملازمت کے مواقع کی بنیادی قوت کا احساس کرتے ہوئے اسے اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ صنعت اور روزگار کے تقاضوں کی تکمیل ہو سکے۔ اس کورس میں فائنانس و اکاونٹنگ میں تخصص بھی فراہم ہے۔ پروجیکٹ ورک اس پروگرام کا ایک لازمی جزو ہے جس کے ذریعے صنعت کا حقیقی عملی تجربہ فراہم ہوتا ہے۔

i. اسکول برائے تجارت وکاروباری انتظامیہ کے تعلیمی پروگرام:

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بی کام | 40 | کسی مسلمہ بورڈ سے انٹر میڈیٹ یا مماثل امتحان میں 45فیصد نمبروں سے کامیاب |
| ماسٹر آف بزنس ایڈمنسٹریشن (ایم بی اے) | 60 | 45فیصد نمبروں کے ساتھ کسی بھی مضمون میں گریجویشن یا مماثل ڈگری |
| ماسٹر آف کامرس (ایم کام) | 30 | 45فیصد نمبروں کے ساتھ کسی مسلمہ یونیورسٹی سے بی کام (جنرل)/بی کام (کمپیوٹرز)/بی کام (کمپنی سکریٹری) کامیاب |
| ایم فل (انتظامیہ) | 10 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم بی اے/ مماثل ڈگری کامیاب اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (انتظامیہ) | 05 | |
| پی ایچ ڈی (کامرس) | 02 | 55فیصد نمبروں کے ساتھ ایم کام / مماثل ڈگری کامیاب اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| نوٹ: ایم بی اے کا داخلہ امتحان 100 نمبر کے معروضی سوالات پر مشتمل ہوگا۔ | | |

## vii. اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت

اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت کا قیام 2004 میں ہوا۔

### 1. شعبہ ترسیل عامہ وصحافت

یہ شعبہ سال 2004 میں صحافت وترسیل عامہ میں ایم اے ڈگری پروگرام کے ساتھ قائم ہوا تاکہ ان اردو بولنے والے طلبا کی تربیت کی جاسکے جو ذرائع ابلاغ کے روز بروز وسیع تر ہوتے ہوئے میدان میں کیریئر بنانا چاہتے ہیں۔ شعبہ کا مقصد ایسے پیشہ ور افراد کی تیاری ہے جو الیکٹرانک وپرنٹ میڈیا اور تحقیق کے میدان میں ابھرنے والے چیلنجز کا سامنا کرنے کی صلاحیت سے لیس ہوں۔ شعبہ میں ایسے تجربہ کار اساتذہ موجود ہیں جو میڈیا کے وسیع تجربے اور دلچسپیوں کے حامل ہیں۔ شعبہ میں پرنٹ میڈیا، ریڈیو، ٹی وی اور آن لائن صحافت کے لیے انتہائی عصری آلات سے لیس تجربہ گاہیں موجود ہیں۔

شعبہ میں پی ایچ ڈی کا تحقیقی پروگرام بھی فراہم ہے۔ داخلہ امتحان کے ذریعے پی ایچ ڈی میں داخلہ ہوتا ہے۔ میڈیا میں اقلیتوں اور ہندوستان کے پسماندہ طبقات کی تصویر کشی، محروم طبقات کی میڈیا میں نمائندگی اور دیگر علمی وتحقیقی اداروں میں جن موضوعات پر تحقیق نہ ہوئی ہو وہ شعبہ کی تحقیق کے خصوصی موضوعات ہیں۔

اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت کے تعلیمی پروگرام:

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| ایم۔اے (ترسیل عامہ وصحافت) | 30 | 45% نمبروں کے ساتھ کوئی بھی گریجویشن/ مماثل ڈگری |
| پی۔ایچ ڈی (ترسیل عامہ وصحافت) | 03 | ایم سی جے پوسٹ گریجویشن میں 55% نشانات اور عمومی ہدایات میں بیان کئے گئے اہلیتی معیار |

## viii. اسکول برائے سائنسی علوم

اسکول برائے سائنسی علوم کا قیام سال 2006 میں ہوا۔ اس اسکول میں فی الحال پانچ شعبے قائم ہیں: ریاضی، طبیعات، کیمیا، حیوانیات اور نباتیات۔ اسی اسکول کے تحت حیدرآباد، بنگلور، دربھنگہ میں واقع پالی ٹکنک اور صنعتی تربیتی ادارے شامل ہیں۔ اسکول میں نیم طبّی پروگرام بھی فراہم ہیں۔ اس وقت اسکول کے تحت مدارس کے طلبہ کے لیے برج کورس اور دو میدانوں میں بی ایس سی کے پروگرام یعنی بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی سی)، بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی سی ایس) اور بی ایس سی (حیاتی علوم) فراہم ہیں۔ بی ایس سی پروگراموں کی اہلیت کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی سی) | 40 | کسی مسلمہ بورڈ یا ادارے سے 10+2 یا مماثل کامیاب۔ امیدوار نے +2 میں متعلقہ مضامین پڑھے ہوں۔ |
| بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی سی ایس) | 40 | |
| بی ایس سی (حیاتی علوم) | 40 | |

### 1. شعبہ ریاضی:

شعبہ ریاضی کا قیام سال 2011 میں ہوا۔ شعبہ ریاضی کے تحت گریجویٹ پروگراموں کے لیے کورسز، بی ایس سی (آنرز)، ایم ایس سی اور پی ایچ ڈی ریاضی کے پروگرام فراہم ہیں۔ شعبہ کے اساتذہ متنوع تحقیقی دلچسپیوں کے حامل ہیں۔ جیسے 'ویویلیٹ اور اس کے اطلاقات، الجبرا، تجزیہ، فلوئیڈ میکانکس، کیلس ٹیل میکانکس اور ڈائنامیکل آسٹرونومی وغیرہ۔ شعبہ ملک کے مختلف خطوں سے طلبا شریک ہوتے ہیں جس کے باعث تدریس واکتساب کا ماحول کافی بہترین ہوتا ہے۔ شعبہ کا مقصد یہ ہے کہ طلبا کی منطقی اور حسابی مہارتوں کو تیز کیا جائے، انہیں سائنس، انجینئرنگ اور صنعت کی مختلف شاخوں میں ریاضی کے اطلاق کے متنوع امکانات سے واقف کروایا جائے۔

**تعلیمی پروگرام:**

| پروگرام | نشستیں | اہلیت داخلہ |
|---|---|---|
| ایم ایس سی (ریاضی) | 20 | 45 فی صد نمبروں اور بحیثیت ایک مضمون ریاضی کے ساتھ گریجویشن کامیاب کیا ہو۔ |
| پی ایچ ڈی (ریاضی) | 01 | 55 فیصد نمبروں کے ساتھ ریاضی یا اطلاقی ریاضی میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات میں درج اہلیتیں۔ |

### 2. شعبہ حیوانیات

شعبہ حیوانیات 2014 میں قائم کیا گیا۔ شعبہ کی جانب سے انڈر گریجویٹ پروگرام کے لیے کورسز فراہم ہیں۔ شعبہ عنقریب ایم ایس سی بھی شروع کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ 2015 سے شعبہ میں تحت تحقیقی پروگرام کا آغاز ہو چکا ہے۔ شعبہ کے اساتذہ نظامیات (Systematics) / حیاتی تنوع، جینیات (Genetics)، سمیات (Toxicology)، علم الغدود (Endocrinology) اور کینسر بیالوجی جیسے موضوعات پر تحقیق کا تجربہ رکھتے ہیں۔

**تعلیمی پروگرام:**

| پروگرام | نشستیں | اہلیت داخلہ |
|---|---|---|
| پی ایچ ڈی حیوانیات | 03 | 55 فیصد نمبروں کے ساتھ حیوانیات میں پوسٹ گریجویشن کامیاب اور عمومی ہدایات کے پیرا نمبر 23 (ii) میں درج اہلیتیں۔ |

### 3. شعبہ طبیعات:

شعبہ طبیعات 2014 میں قائم کیا گیا۔ شعبہ کی جانب سے انڈر گریجویٹ پروگرام کے لیے کورسز فراہم ہیں۔ شعبہ مستقبل قریب میں ایم ایس سی اور تحقیقی پروگرام بھی شروع کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ شعبہ کے اساتذہ طبیعات کے متعلقہ میدانوں جیسے الیکٹرانکس، نظریاتی طبیعات اور فلکیات جیسے موضوعات پر قومی و بین الاقوامی تحقیق کا تجربہ رکھتے ہیں۔ شعبہ کی جانب سے اس وقت مدارس کے طلبہ کے لیے برج کورس اور بی ایس سی کے پروگرام فراہم ہیں۔

### 4. شعبہ کیمیا

شعبہ کیمیا 2014 میں قائم کیا گیا۔ شعبہ کی جانب سے انڈر گریجویٹ پروگرام کے لیے کورسز فراہم ہیں۔ شعبہ مستقبل قریب میں ایم ایس سی اور تحقیقی پروگرام بھی شروع کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ شعبہ کی جانب سے اس وقت مدارس کے طلبہ کے لیے برج کورس اور بی ایس سی کے پروگرام فراہم ہیں۔

### 5. شعبہ نباتیات

شعبہ نباتیات 2014 میں قائم کیا گیا۔ شعبہ کی جانب سے انڈر گریجویٹ پروگرام کے لیے کورسز فراہم ہیں۔ شعبہ مستقبل قریب میں ایم ایس سی اور تحقیقی پروگرام بھی شروع کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ شعبہ کے اساتذہ حیاتیاتی تنوع، پودوں پر ماحولیاتی دباو، پودوں کے امراض جیسے موضوعات پر تحقیق کا اچھا تجربہ رکھتے ہیں۔ شعبہ کی جانب سے اس وقت مدارس کے طلبہ کے لیے برج کورس اور بی ایس سی کے پروگرام فراہم ہیں۔

### 6. پالی ٹکنک

یونیورسٹی نے اپنے دستور کے مطابق سال 09-2008 میں پیشہ وارانہ اور تکنیکی کورسوں کو فروغ دینے کے لیے پالی ٹکنک کا آغاز کیا۔ اقلیتوں کے تعلیمی مواقع میں اضافہ کی سچر کمیٹی کی سفارشات کے تحت حکومت ہند کے تعاون سے حیدرآباد، دربھنگہ اور بنگلور میں تین پالی ٹکنک کالج قائم کیے گئے۔ پالی ٹیکنک پروگراموں کی میعاد تین سال ہے۔ حیدرآباد پالی ٹکنک کالج AICTE کی جانب سے منظورہ ہے جب کہ دیگر کالجوں کی منظوری باقی ہے۔



### 6.1 تعلیمی پروگراموں کی تفصیلات:

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| پالی ٹکنک پروگرام کے لیے برج کورس | ہر پالی ٹکنک کے لیے30 | ریاستی مدرسہ بورڈ سے ملحق مدارس کے وہ طلبا جنہوں نے10ویں کے مماثل سند کی تکمیل کی ہو۔تاہم برج کورس کی تکمیل کے بعد انہیں پالی ٹکنک کے داخلہ امتحان میں شریک ہونا ہوگا۔ |

### تکنیکی پروگرام

| سلسلہ نمبر | پروگرام | نشستیں | درکار اہلیت |
|---|---|---|---|
| 1۔مانو پالی ٹکنک، حیدر آباد، تلنگانہ | | | |
| i. | ڈپلوما ان سول انجینئرنگ | 60 | دسویں/ایس ایس سی مساوی بورڈ امتحان میں35% نشانات سے کامیابی. |
| ii. | ڈپلوما ان کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ | 60 | |
| iii. | ڈپلوما ان الیکٹرانک اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ | 60 | |
| iv. | ڈپلوما ان انفارمیشن ٹکنالوجی | 60 | |
| 2. مانو پالی ٹکنک، بنگلور، کرناٹک | | | |
| i. | ڈپلوما ان سول انجینئرنگ | 40 | دسویں/ایس ایس سی مساوی بورڈ امتحان میں35% نشانات سے کامیابی. |
| ii. | ڈپلوما ان کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ | 40 | |
| iii. | ڈپلوما ان الیکٹرانک اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ | 40 | |
| 3. مانو پالی ٹکنک، دربھنگہ، بہار | | | |
| i. | ڈپلوما ان سول انجینئرنگ | 40 | دسویں/ایس ایس سی مساوی بورڈ امتحان میں35% نشانات سے کامیابی. |
| ii. | ڈپلوما ان کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ | 40 | |
| iii. | ڈپلوما ان الیکٹرانک اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ | 40 | |

### 6.3 آئی ٹی آئی سے پالی ٹکنک کے سال دوم میں راست داخلہ

| پروگرام | نشستیں (اے آئی سی ٹی ای ضوابط۔کے مطابق) | اہلیت |
|---|---|---|
| پالی ٹکنک کے سال دوم (تیسرے سمسٹر) میں راست داخلہ | منظورہ نشستوں کی20 فیصد یعنی مانو پالی ٹکنک حیدر آباد کے فی پروگرام کے لیے12اور بنگلور و دربھنگہ کے فی پروگرام کے لیے8نشستیں | ووکیشنل/ٹکنیکل کے ساتھ بارہویں سائنس یا 10ویں+ (دوسالہ آئی ٹی آئی) موزوں تخصص کے ساتھ |

### 7. نیم طبی پروگرام

یونیورسٹی نے تعلیمی سال2014-15 سے صحت وعلاج کے شعبہ میں ذاتی صرفہ کے ساتھ روزگار پر مبنی کورسز کا آغاز کیا ہے۔اس پروگرام میں تدریس، اکتساب، تربیت، لیب کورس کا نظم وانصرام میڈون انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس(MIMS) نام پلی، حیدرآباد پر کیا جائے گا جو ان پروگراموں کے لیے اشتراک کرنے والا ادارہ ہے۔پروگراموں کی تفصیلات اور داخلے کی اہلیت ذیل میں درج ہے۔ان پروگراموں کے اپنے علاحدہ ضوابط، رہنمایانہ خطوط اور فیس کا نظام ہے جو یونیورسٹی کے دیگر کیمپس پروگراموں سے مختلف ہیں۔نصاب، رہنمایانہ خطوط، ضوابط، پروگرام کا نظام الاوقات وغیرہ داخلے کے موقع پر طلبا کو دیے جائیں گے۔اس کے علاوہ یونیورسٹی کے ویب سائٹ پر بھی وہ دستیاب رہیں گے۔

**دستیاب پروگرام:**

| سلسلہ نمبر | پروگرام | نشستیں | اہلیت | مدت | عمر |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | سرٹی فیکیٹ ان ڈائیلاسس ٹکنیشین | 60 | دسویں جماعت یا مماثل | دو سال | 35سال سے زیادہ نہ ہو، لڑکیوں کو3سال کی رعایت دی جائے گی۔ |
| .2 | سرٹی فیکیٹ ان ایمرجنسی میڈیکل ٹکنیشین | 60 | | | |
| .3 | ڈپلوما ان ڈائیلاسس ٹکنیشین | 60 | بارہویں/انٹرمیڈیٹ/ مماثل امتحان میں کامیابی<br>پہلی ترجیح: حیاتیات کے مضامین میں کامیابی<br>دوسری ترجیح: ریاضی کے مضامین میں کامیابی<br>تیسری ترجیح: دیگر مضامین میں کامیابی | | |
| .4 | ڈپلوما ان ایمرجنسی میڈیکل ٹکنیشین | 60 | | | |

### ix. اسکول برائے کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی

کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی کے میدان میں معیاری تعلیم کی فراہمی کے مقصد سے 2014 میں اسکول برائے کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی کا قیام عمل میں آیا۔ اس اسکول کے تحت شعبہ کمپیوٹر سائنس وانفارمیشن ٹکنالوجی کے نام سے ایک شعبہ قائم ہے۔

#### 1۔ شعبہ کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی

شعبہ کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی 2006ء میں انفارمیشن ٹکنالوجی کے ایک سالہ پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما (PGDIT) کے ساتھ شروع کیا گیا۔ تعلیمی سال 2012-13 میں شعبہ نے ماڈیولز پر مبنی 3 سالہ ماسٹر آف کمپیوٹر ایپلیکیشن (MCA) پروگرام دہرے خروج کے موقع کے ساتھ شروع کیا، یعنی کہ طالب علم ایک سال کے بعد ڈپلوما (PGDIT) یا دو سال کے بعد ایم۔ایس۔سی (انفارمیشن ٹکنالوجی) کی ڈگری حاصل کر کے پروگرام سے فراغت حاصل کر سکتا ہے۔ تعلیمی سال 2013-14 سے شعبہ نے کمپیوٹر سائنس میں بی۔ٹیک۔ (4 سالہ) پروگرام اور کمپیوٹر سائنس میں پی ایچ ڈی کا پروگرام شروع کیا ہے۔ سال 2015 سے شعبہ میں دو سالہ ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس) پروگرام بھی فراہم ہے۔ پالی ٹکنک کے طلبا کے لیے بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) کے دوسرے سال میں راست داخلے کا موقع بھی دستیاب ہے۔ بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) کا پروگرام اے آئی سی ٹی ای سے منظورہ ہے۔

**تعلیمی پروگراموں کی تفصیلات**

| پروگرام | نشستیں | درکار اہلیت |
|---|---|---|
| بی۔ٹیک (کمپیوٹر سائنس) | 60 | طبیعیات، کیمیا اور ریاضی (MPC) یا طبیعیات، کیمیا، ریاضی اور حیاتیات (MPCB) مضامین کے ساتھ 10+2 میں مجموعی طور پر 45% نشانات سے کامیابی یا کمپیوٹر سائنس / انفارمیشن ٹکنالوجی / الیکٹرانکس و کمیونی کیشن / الیکٹریکل انجینئرنگ سے پالی ٹکنک |
| پالی ٹکنک ڈپلوما کے طلبا کے لیے بی۔ٹیک (کمپیوٹر سائنس) سال دوم میں راست داخلہ | 06 | پالی ٹکنک کمپیوٹر سائنس / انفارمیشن ٹکنالوجی / الیکٹرانکس و کمیونی کیشن / الیکٹریکل انجینئرنگ میں مجموعی طور پر کم از کم 45 فیصد نمبر |
| ماسٹر آف کمپیوٹر ایپلیکیشن ایک سال بعد PGDIT یا دو سال بعد ایم ایس سی انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ساتھ خروج کی سہولت | 30 | گریجویشن میں مجموعی طور پر 45% نشانات اور 10+2 یا گریجویشن میں ریاضی بطور مضمون۔ |
| * ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس) | 18 | کسی مسلمہ یونیورسٹی سے کمپیوٹر سائنس / انفارمیشن ٹکنالوجی / الیکٹرانکس و کمیونیکیشن انجینئرنگ میں بی ٹیک ڈگری یا ایم سی اے یا ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس / آئی ٹی / الیکٹرانکس میں مجموعی طور پر کم سے کم 55 فیصد نمبروں یا مساوی سی جی پی اے سے کامیابی |
| پی۔ایچ ڈی (کمپیوٹر سائنس) | 04 | کمپیوٹر سائنس کمپیوٹر ایپلیکیشن انفارمیشن ٹکنالوجی متعلقہ مضمون میں ٹکنالوجی میں پوسٹ گریجویشن یا کمپیوٹر سائنس سے متعلق کسی بھی پوسٹ گریجویشن امتحان میں 55% نشانات کا حصول اور عمومی ہدایات میں مذکور لازمی اہلیت |

60 فیصد نشستیں ایم ٹیک کے داخلہ امتحان میں کامیاب میرٹ امیدواروں کے لیے، اور 40 فیصد نشستیں GATE کامیاب امیدواروں کے لیے مختص ہوں۔ GATE کامیاب امیدواروں کو GATE امتحان میں حاصل کردہ رینک کے مطابق داخلے دیے جائیں گے۔ اگر GATE کامیاب امیدوار دستیاب نہ ہوں تو وہ نشستیں داخلہ امتحان کامیاب امیدواروں سے اور داخلہ امتحان کامیاب امیدوار نہ ہوں تو GATE کامیاب امیدواروں سے پر کر دی جائیں گی۔

### X. البیرونی مرکز برائے مطالعہ سماجی اخراجیت وشمولیاتی پالیسی

البیرونی مرکز برائے مطالعہ سماجی اخراجیت وشمولیاتی پالیسی (ACSSEIP) کا قیام سال 2007 میں ہوا۔ اس کا مقصد سماجی اخراجیت کے شکار گروپوں، خاص طور پر مسلم گروپوں کے درمیان سماجی اخراجیت کی شکلوں، وسعت اور اس کی نوعیت کا مطالعہ کرنا اور ان کی شمولیت کے لیے نظریاتی تجاویز پیش کرنا اور پالیسی تجویز کرنا ہے ا۔ اس کے بنیادی مقاصد مندرجہ ذیل ہیں: ناروا امتیاز کا ادراک، ذات نسل اور مذہب کی بنیاد پر اخراج؛ ناروا امتیاز اور اخراجیت کی نوعیت اور حرکیات کے فہم میں اضافہ کرنا؛ ناروا امتیاز کے فہم کی تجربی سطح کو بڑھانا؛ ان گروپوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پالیسی تجویز کرنا اور اخراجیت و ناروا امتیاز کے مسائل کا خاتمہ کرنا۔ شعبہ میں مذہبی اقلیتوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے جس میں ہندوستان میں سماجی اخراجیت کی شکار طبقے کی حیثیت سے مسلم معاشرے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جاتی ہے، اردو بولنے والے افراد کا اخراج، نیز دیگر اخراج شدہ طبقات مثلاً دلتوں اور قبائلیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

**تعلیمی پروگرام:**

| پروگرام | نوٹ |
|---|---|
| ایم۔فل (سماجی اخراجیت وشمولیتی پالیسی) | تعلیمی سال 2017-18 کے لیے دستیاب نہیں ہے |
| پی ایچ ڈی (سماجی اخراجیت وشمولیتی پالیسی) | |

## XI. سیٹلائیٹ کیمپس، لکھنو(اترپردیش)

یونیورسٹی نے 2009 کے دوران لکھنو میں ایک سیٹلائیٹ کیمپس قائم کیا ہے تاکہ وہاں زبانوں کے اعلیٰ تعلیمی پروگرام فراہم کیے جائیں۔اس کیمپس پر چار زبانوں یعنی اردو، انگریزی، فارسی اور عربی کے پوسٹ گریجویٹ اور تحقیقی پروگرام فراہم ہیں۔

| پروگرام | نشستوں کی تعداد | اہلیت |
|---|---|---|
| ایم اے اردو | 30 | 45 فیصد نشانات گریجویشن یا مماثل ڈگری سطح پر اردو لازمی یا اختیاری مضمون یا زبان کے طور پر پڑھی ہو (مدرسوں کی فہرست ملاحظہ کریں)۔مزید یہ کہ متعلقہ مضامین یعنی عربی اور فارسی کے امیدواروں کو بھی داخلے کے لیے غور کیا جاسکتا ہے۔ |
| ایم اے انگریزی | 30 | مجموعی طور پر 45 فیصد نمبروں سے گریجویشن کامیاب۔انگریزی میں %45 نمبر<br>ترجیح: (الف) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی ادب + اردو سے واقفیت (ب) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بطور اختیاری مضمون + اردو سے واقفیت۔(ج) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بحیثیت زبان + اردو سے واقفیت۔(د) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی ادب/آنرز۔(ھ) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بحیثیت اختیاری مضمون۔(و) عام انگریزی<br>اردو سے مستثنیٰ امیدواروں کے داخلے اس شرط کے ساتھ مشروط ہوں گے کہ وہ یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کیے جانے والے اردو مہارت کے کورس میں داخلے اور کامیابی کا تحریری اقرار نامہ دے۔جس کی تکمیل کے بغیر ڈگری نہیں دی جائے گی۔ |
| پی ایچ ڈی (اردو) | 02 | متعلقہ پوسٹ گریجویٹ پروگرام میں 55 فیصد نشانات سے کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔<br>اردو سے مستثنیٰ امیدواروں کے داخلے اس شرط کے ساتھ مشروط ہوں گے کہ وہ یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کیے جانے والے اردو مہارت کے کورس میں داخلے اور کامیابی کا تحریری اقرار نامہ دے۔جس کی تکمیل کے بغیر ڈگری نہیں دی جائے گی۔ |
| پی ایچ ڈی (عربی) | 02 | |
| پی ایچ ڈی (انگریزی) | 02 | |
| پی ایچ ڈی (فارسی) | 02 | |
| لکھنو کیمپس پر پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے والے امیدواروں کو کورس ورک کے لیے یونیورسٹی کے ہیڈ کوارٹرس، حیدرآباد میں رہنا ہوگا۔زبانی امتحان کے موقع پر اسکالر اور نگراں دونوں کو حاضر رہنا ہوگا۔ | | |

## مانو آرٹس و سائنس کالج برائے نسواں، بڈگام، جموں و کشمیر

مانو آرٹس و سائنس کالج برائے نسواں 2015 میں قائم ہوا۔یہ کالج خواتین کو بااختیار بنانے کے بنیادی مقصد کی تکمیل کے لیے قائم کیا گیا۔ اس وقت کالج میں اسلامیات، معاشیات، انگریزی، اردو میں ایم اے و پی ایچ ڈی کے پروگرام دستیاب ہیں۔تمام پروگرام سی بی سی ایس طرز میں فراہم کیے جائیں گے۔

| پروگرام | نشستیں | اہلیت |
|---|---|---|
| ایم اے (اردو) | 30 | مجموعی طور پر 45 فیصد نمبروں سے گریجویشن اور ڈگری یا مماثل سطح پر بنیادی یا اختیاری مضمون یا بطور زبان اردو (مدارس کی فہرست ملاحظہ کریں) اس کے علاوہ متعلقہ مضامین یعنی عربی اور فارسی کے امیدوار کو بھی داخلے کے لیے غور کیا جاسکتا ہے۔ |
| ایم اے (انگریزی) | 30 | مجموعی طور پر 45 فیصد نمبروں سے گریجویشن کامیاب۔انگریزی میں %45 نمبر<br>ترجیح: (الف) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی ادب + اردو سے واقفیت (ب) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بطور اختیاری مضمون + اردو سے واقفیت۔(ج) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بحیثیت زبان + اردو سے واقفیت۔(د) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی ادب/آنرز۔(ھ) مطلوبہ ڈگری پروگرام میں انگریزی بحیثیت اختیاری مضمون۔ (و) عام انگریزی<br>اردو سے مستثنیٰ امیدواروں کے داخلے اس شرط کے ساتھ مشروط ہوں گے کہ وہ یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کیے جانے والے اردو مہارت کے کورس میں داخلے اور کامیابی کا تحریری اقرار نامہ دے۔جس کی تکمیل کے بغیر ڈگری نہیں دی جائے گی۔ |
| ایم اے (اسلامیات) | 30 | 40 فیصد نمبروں سے کوئی بھی گریجویشن یا مماثل سند کامیاب۔ |
| ایم اے (معاشیات) | 30 | 40 فیصد نمبروں سے کوئی بھی گریجویشن یا مماثل سند کامیاب۔معاشیات، انتظامیہ، اکاونٹنگ، فائنانس، کامرس، شماریات اور ریاضی مضامین والے امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| پی ایچ ڈی (اردو) | 02 | متعلقہ پوسٹ گریجویٹ پروگرام میں 55 فیصد نشانات سے کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (انگریزی) | 02 | اردو سے مستثنیٰ امیدواروں کے داخلے اس شرط کے ساتھ مشروط ہوں گے کہ وہ یونیورسٹی کی جانب سے فراہم کیے جانے والے اردو |

| | | |
|---|---|---|
| | | مہارت کے کورس میں داخلے اور کامیابی کا تحریری اقرار نامہ دے۔ جس کی تکمیل کے بغیر ڈگری نہیں دی جائے گی۔ |
| پی ایچ ڈی (معاشیات) | 01 | ایم اے معاشیات میں 55 فیصد نشانات سے کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ |
| پی ایچ ڈی (اسلامیات) | 02 | ایم اے اسلامیات یا عرب کلچر میں 55 فیصد نشانات سے کامیابی اور عمومی ہدایات میں بیان کردہ اہلیتیں۔ پوسٹ گریجویشن میں ایم اے اسلامیات کامیاب امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔ |
| تمام پروگرام صرف خواتین امیدواروں کے لیے ہے۔ بڈگام (سری نگر) کیمپس پر پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے والے امیدواروں کو کورس ورک کے لیے یونیورسٹی کے ہیڈ کوارٹرس، حیدرآباد میں رہنا ہوگا۔ زبانی امتحان کے موقع پر اسکالر اور نگراں دونوں کو حاضر رہنا ہوگا۔ | | |

## V. فیس کی تفصیلات (نیم طبّی پروگراموں کے علاوہ)

| پروگرام کا نام | فی سمسٹر فیس | | | | | | | | | | | طبّی انشورنس فیس (سالانہ) | زر ضمانت (یکمشت قابل واپسی) | کل بوقت داخلہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | داخلہ فیس | ٹیوشن فیس | امتحان فیس | لیب/کمپیوٹر لیب فیس | لائبریری فیس | انٹرنیٹ فیس | کھیل کود فیس | طلبا امور و متعلقہ فیس (اسٹوڈنٹس یونین) | فلاحی فنڈ برائے طلبا | تعلیمی سفر | جملہ فیس | | | |
| پی ایچ ڈی (عام) | 200 | 2500 | 400 | 200 | 500 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **4050** | 950 | 1000 | **6000** |
| پی ایچ ڈی (پیشہ ورانہ/تکنیکل) | 200 | 5000 | 400 | 200 | 500 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **6550** | 950 | 1000 | **8500** |
| ایم فل (عام) | 200 | 2000 | 400 | 200 | 500 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **3550** | 950 | 500 | **5000** |
| ایم فل (پیشہ ورانہ) | 200 | 4500 | 400 | 200 | 500 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **6050** | 950 | 500 | **7500** |
| ایم بی اے | 200 | 4000 | 350 | 300 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **5700** | 950 | 200 | **6850** |
| ایم اے (جے ایم سی) | 200 | 2500 | 350 | 200 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **4100** | 950 | 200 | **5250** |
| ایم سی اے | 200 | 1500 | 350 | 200 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **3100** | 950 | 200 | **4250** |
| ایم کام/ایم ایس ڈبلیو | 200 | 1500 | 350 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **3000** | 950 | 200 | **4150** |
| ایم ایس سی (ریاضی) | 200 | 1500 | 350 | 300 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **2700** | 950 | 200 | **3850** |
| دیگر پی جی پروگرام | 200 | 1000 | 300 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **1950** | 950 | 200 | **3100** |
| بی ٹیک (سی ایس)/ ایم ٹیک (سی ایس) | 200 | 4000 | 400 | 500 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **5950** | 950 | 200 | **7100** |
| بی ایڈ/ ایم۔ایڈ | 200 | 4000 | 300 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **5450** | 950 | 200 | **6600** |
| بی۔اے/بی کام | 200 | 750 | 200 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **1600** | 950 | 200 | **2750** |
| بی ایس سی | 200 | 1000 | 300 | 300 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **2150** | 950 | 200 | **3300** |
| ڈی۔ایل۔ایڈ | 200 | 1500 | 200 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **2850** | 950 | 200 | **4000** |
| پالی ٹیکنک | 200 | 1500 | 300 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | 500 | **2950** | 950 | 200 | **4100** |
| برج کورسز | 200 | 750 | 200 | 100 | 100 | 100 | 100 | 25 | 25 | -- | **1600** | 950 | 200 | **2750** |
| جزوقتی ومتوازی ڈپلومہ پروگرامس | 200 | 400 | 200 | -- | 100 | 100 | -- | -- | -- | -- | **1000** | -- | 200 | **1200** |

**نوٹ**

- **ایم فل/پی ایچ ڈی** (عام) میں لسانیات، آرٹس، سماجی مطالعات، کامرس اور سائنس کے تعلیمی پروگرام شامل ہیں۔
- **ایم فل/پی ایچ ڈی** (پیشہ ورانہ/تکنیکل) میں تعلیمات، کاروباری انتظامیہ، سوشل ورک اور ترسیل عامہ وصحافت کے تعلیمی پروگرام شامل ہیں۔
- پی ایچ ڈی (تکنیکل) میں کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن ٹکنالوجی کے تعلیمی پروگرام شامل ہیں۔

- یونیورسٹی کو وقتاً فوقتاً فیس پر نظرثانی کا حق حاصل رہے گا۔
- زرضمانت داخلے کے وقت ادا کرنا ہوگا اور یونیورسٹی چھوڑتے وقت (تمام متعلقہ دفاتر سے 'کوئی بقایا نہیں صداقت نامہ' پیش کرکے) اسے واپس حاصل کریں۔
- سمسٹر فیس۔ سمسٹر کی ابتدا کے بعد دو ہفتوں کے اندر لازمی طور پر ادا کرنی ہوگی اور تاخیری فیس کے ساتھ چوتھے ہفتے کے ختم تک ادا کرنی ہوگی۔ بصورت دیگر داخلہ منسوخ ہوجائے گا۔
- دوبارہ داخلہ جماعتوں کے آغاز سے چار ہفتوں کے اندر مکمل ہوجانا چاہیے۔

### نیم طبّی پروگراموں کی فیس کی تفصیل درج ذیل ہے:

| تفصیلات/ فیس (سکہ ہند) | داخلہ فیس (یک مشت) | ڈاکٹروں کی وردی اور آئی ڈی | ٹیوشن فیس | لائبریری فیس | تربیتی/ طبّی فیس | طبّی فیس | لیباریٹری اور آلات کی فیس | تدریسی مواد کی فیس | جملہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرٹی فیکیٹ پروگرام سال اول | 225 | 1000 | 10000 | 100 | - | 850 | 2000 | 3000 | **17175** |
| سال دوم | - | - | 5000 | 100 | 2500 | 850 | - | 3000 | **11450** |
| ڈپلوما پروگرام سال اول | 225 | 1000 | 12000 | 100 | - | 850 | 2000 | 3000 | **19175** |
| سال دوم | - | - | 6000 | 100 | 4500 | 850 | - | 3000 | **14450** |
| داخلے کے وقت، پہلے سال کی فیس ادا کرنی ہوگی اور دوسرے سال کی فیس اعلامیہ کے مطابق سال کے آغاز کے ساتھ ہی ادا کرنی ہوگی۔ تمام فیسوں کی ادائیگی چالان کے ذریعے ادا کرنی ہوگی (جسے یونیورسٹی کی ویب سائیٹ سے ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے) | | | | | | | | | |

### غیر ملکی طلبا کے لیے فیس: (تمام فیس امریکی ڈالر میں)

| پروگرام کا نام | فی سمسٹر | | | | | طبّی فیس سالانہ | زرضمانت (ایک بار) | کل بوقت داخلہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | داخلہ فیس | ٹیوشن فیس | امتحان فیس | خصوصی فیس | جملہ فیس | | | |
| پی جی/ایم فل/پی ایچ ڈی | 50 | 700 | 50 | 100 | **900** | 50 | 50 | **1000** |
| دیگر پروگرام | 50 | 300 | 50 | 100 | **500** | 50 | 50 | **600** |

## VI. دیگر تعلیمی مراکز:

### i. نظامت فاصلاتی تعلیم

نظامت فاصلاتی تعلیم اردو ذریعہ تعلیم کے فروغ اور تعلیم سے دور لوگوں تک تعلیم پہنچانے کا کام انجام دے رہی ہے۔ اس کے گریجویشن و پوسٹ گریجویشن کے پروگرام ہزاروں اردو بولنے والے افراد کی تعلیمی ضرورتوں کی تکمیل کر رہے ہیں۔ فی الوقت نظامت فاصلاتی تعلیم کے تحت بی ایڈ پروگرام کے علاوہ تین پوسٹ گریجویٹ، تین گریجویٹ اور آٹھ پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما/ ڈپلوما/ سرٹی فیکیٹ پروگرام فراہم ہیں۔ فاصلاتی تعلیم میں اندراج شدہ طلبہ کی کل تعداد ڈیڑھ لاکھ (1,50,000) سے زائد ہے۔ نظامت فاصلاتی تعلیم نو علاقائی مراکز، چھ ذیلی علاقائی مراکز، 175 اسٹڈی سنٹرس کے نٹ ورک کے ذریعے طلبہ کو سہولتیں فراہم کرتی ہے۔ مختلف پروگراموں اور سہولتوں سے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### ii. صنعتی تربیتی ادارے

یونیورسٹی نے طلبہ میں مختلف مہارتوں کے فروغ کے لیے حیدرآباد، بنگلور اور دربھنگہ میں تین صنعتی تربیتی ادارے قائم کیے ہیں۔ حیدرآباد میں ڈرافٹسمین سیول، الیکٹرانکس میکانیک، الیکٹریشن، ریفریجریشن وایر کنڈیشننگ اور پلمبنگ، بنگلور میں الیکٹرانکس میکانک اور ریفریجریشن وایر کنڈیشننگ اور دربھنگہ میں الیکٹریشین اور پلمبنگ کے کورسز فراہم ہیں۔ ان پروگراموں میں داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جاتا ہے اور اس کا اعلامیہ این سی وی ٹی کے نظام الاوقات کے مطابق علاحدہ سے دیا جاتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### iii. ماڈل اسکولس

یونیورسٹی نے اردو میڈیم سے معیاری اسکولی تعلیم کی فراہمی کے لیے حیدرآباد (آندھراپردیش)، دربھنگہ (بہار) اور نوح (میوات، ہریانہ) میں تین ماڈل اسکول قائم کیے ہیں۔ان اسکولوں میں سی بی ایس سی نصاب اختیار کیا گیا ہے۔یہاں تعلیم مفت میں فراہم کی جاتی ہے۔اسکولوں میں داخلے کے لیے اعلامیہ علاحدہ سے جاری کیا جاتا ہے۔مزید تفصیلات کے لیے ان اسکولوں کے پرنسپلوں سے رابطہ کریں۔

## VII. مراکز برائے علمی توسیع

### i. مرکز برائے فروغِ انسانی وسائل (HRDC)

مرکز برائے فروغِ انسانی وسائل (سابقہ اکیڈمک اسٹاف کالج) اعلیٰ تعلیم میں عملے کی علمی و عملی ترقی کے لیے ایک قومی سطح کا مرکز ہے۔مرکز برائے فروغِ انسانی وسائل، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک کا 66واں مرکز ہے۔یہاں کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ کے لیے اورینٹیشن و ریفریشر کورسز، اعلیٰ سطحی منتظمین، پرنسپلس اور گروپ اے سے سی تک کے غیر تدریسی عملے کے لیے پیشہ ورانہ ترقی کے پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔اس کالج میں تربیت کے لیے اعلیٰ عصری سہولتیں، انٹرنیٹ سے لیس کمپیوٹر لیب اور گیسٹ ہاوس کی سہولت فراہم ہے۔سال 2012 میں NAAC نے جائزے و جانچ کی بنیاد پر اسے جنوبی ہند میں دوسرا اور ملک بھر میں 9واں رینک دیا ہے۔

### ii. ایچ کے شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں ہارون خان شیروانی مرکز برائے مطالعات دکن مارچ 2012 میں قائم ہوا۔ہندوستان کے معروف مورخ، محقق اور مصنف ہارون خان شیروانی کے نام پر یہ مرکز قائم کیا گیا ہے۔یہ مرکز سماجی علوم، سائنسی و ٹکنالوجی، زبان و ثقافت کے تمام شعبوں پر محیط بین علوم مطالعات پر اپنی توجہ مرکوز کر رہا ہے۔یہ کسی بھی ہندوستانی یونیورسٹی میں اپنی نوعیت کا واحد مرکز ہے۔یہ 'مطالعاتِ دکن' کے فہم کے فروغ اور اس سے متعلق معلومات کے پھیلاو کی کوشش کر رہا ہے جو کہ حالیہ دنوں میں ایک علاحدہ میدان تحقیق کے طور پر ابھرا ہے۔مرکز نے ورکشاپس، موقر لکچرس اور عوامی سطح پر باہم تعامل کے پروگراموں کا اہتمام کر کے تحقیقی و توسیعی سرگرمیاں انجام دی ہیں۔مرکز نے ولیم ڈیل ریمپل، جتن داس، روڈی میتھی، جان زبرسکی، رتیش نندا اور اے جی نورانی جیسی معروف شخصیتوں کے کئی توسیعی لکچرس کا اہتمام کیا ہے۔

اس مرکز نے مختلف قومی و بین الاقوامی اداروں سے اشتراک بھی کیا ہے۔جن میں ایسوسی ایشن فار اسٹڈی آف پرشینیٹ سوسائٹیز (ASPS) اور ریسرچ سنٹر فار اسلامک ہسٹری، آرٹ اینڈ کلچر (IRCICA)، جو دکن پر تحقیق کے لیے او آئی سی کا ایک ذیلی ادارہ ہے، شامل ہیں۔مرکز نے نوجوانوں کو اپنے تاریخی ورثے کے متعلق حساس بنانے کے لیے توسیعی سرگرمی کے طور پر دکن ہریٹیج کلب کے نام سے ایک نیا اقدام کیا ہے۔

### iii. مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم

مرکز پیشہ ورانہ فروغ برائے اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم (CPDUMT) کا قیام اردو زبان کے اساتذہ اور اردو ذریعہ تعلیم اسکولوں و مدارس میں تدریسی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کے لیے عمل میں آیا۔ان اساتذہ میں تدریسی قابلیتوں کو فروغ دینا اور انہیں تدریس و اکتساب کے میدان کے بدلتے ہوئے منظر نامے سے ہم آہنگ کرنا اس مرکز کا اہم مقصد ہے تاکہ وہ اپنی تدریس کے معیار کو بہتر بنا سکیں اور اردو ذریعہ تعلیم کے اسکولوں کے طلبہ کو مسابقتی دور کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے قابل بنا سکیں۔ان مقاصد کے حصول کے لیے مرکز کی جانب سے اساتذہ کے تربیتی پروگرام منعقد کیے جاتے ہیں جن میں معروف ماہرین کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں جو اردو زبان و ادب اور اردو زبان میں طبعی و سماجی علوم کی تدریس کے موثر طریقہ کار کے مختلف پہلووں پر ان اساتذہ کو مخاطب کرتے ہیں اور ان کے ساتھ باہمی تعامل کرتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ وہ ان کے پیشہ ورانہ مسائل کے حل کی بھی کوشش کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ مرکز کی جانب سے ان اساتذہ کو تعلیمی اداروں کے انتظامی امور، مرکزی و ریاستی حکومتوں کی تعلیمی پالیسیوں، نصاب کی تیاری، تعلیمی ٹکنالوجی کے استعمال، امتحانات و تعین قدر کی حکمت عملیوں اور اس پیشہ کے اخلاقی پہلووں سے بھی واقف کروایا جاتا ہے۔یہ مرکز پرائمری، سکنڈری اور سینئر سکنڈری اساتذہ کو باہمی تجربات و معلومات اور افکار و خیالات کے تبادلے کے ذریعے اکتساب کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔مرکز جنوبی ہندوستان کی تمام ریاستوں اور گجرات، مہاراشٹرا اور گوا میں اپنے پروگراموں کا اہتمام کرتا ہے۔مرکز کے پاس بہترین بنیادی سہولیتں، ماہر عملہ، ہاسٹل، کتب خانہ اور تجربہ گاہیں موجود ہیں۔

### iv. مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت (CUCS)

یہ مرکز ''اردو زبان، ادب اور اس کے تاریخی شعور کی جمالیاتی و ثقافتی اقدار کے تحفظ اور فروغ'' کے مقصد سے قائم کیا گیا۔یہ مرکز اردو زبان، ادب و ثقافت کے لیے ایک آرکائیوز، میوزیم، کتب خانہ اور ثقافتی تحقیقی ادارے کا مجموعہ ہے۔مرکز کی جانب سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے سمیناروں اور کانفرنسوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔نادر و نایاب دستاویزات کو حاصل اور محفوظ کیا جاتا ہے اور نادر مخطوطات کو ڈیجیٹل بنانے کا بھی منصوبہ بنایا جارہا ہے۔مرکز نے تاحال 200 نایاب مخطوطات اور 5000 نایاب کتابیں حاصل کی ہیں۔

### v. مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ

مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ (IMC) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے اپنے فاصلاتی تعلیم کے پروگراموں کو آڈیو، ویڈیو، ریڈیو، ٹی وی اور ملٹی میڈیا عناصر سے لیس کرنے کے لیے اٹھایا گیا ایک قدم ہے۔مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ کے پاس یونیورسٹی اور نظامت فاصلاتی تعلیم کی ملٹی میڈیا ضروریات کو پورا کرنے والی انتہائی عصری سہولتیں ایک

ہی چھت کے نیچے فراہم ہیں۔ یہ شعبہ ترسیل عامہ و صحافت کے طلبہ کے لیے ایک عملی تجربہ گاہ کے طور پر بھی کام کرتا ہے تاکہ انہیں ویڈیو اور آڈیو پروگراموں کی تیاری کا عملی تجربہ حاصل ہو سکے۔ مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ نے اردو ناظرین و سامعین کو سامنے رکھ کر اب تک نصاب پر مبنی کئی پروگرام و تعلیمی ڈاکیومنٹریز اور خصوصی مواقع کے پروگرام تیار کیے ہیں اور دوردرشن نے انہیں اپنے گیان درشن پروگراموں میں نشر کیا ہے۔

رواں تعلیمی سال سے مرکز تدریسی ذرائع ابلاغ نے ٹی وی اور میڈیا صنعت کے شعبہ میں مہارت پر مبنی، ذاتی صرفے کے ساتھ مختصر مدتی (ایک ماہی) سرٹیفیکیٹ کورسز کا آغاز کیا ہے۔ ان کورسز کی ٹی وی اور میڈیا صنعت میں کافی مانگ ہے۔ ان کورسز کا انتظام سرمائی اور گرمائی تعطیلات کے دوران کیا جائے گا۔ ان کورسز کے داخلوں کا اعلامیہ علاحدہ جاری کیا جائے گا۔ یہ کورسز درج ذیل ہیں:

1. ملٹی کیمرہ اسٹوڈیو پروڈکشن اور آپریشن
2. بنیادی ویڈیو گرافی
3. بنیادی نان لینیر ایڈیٹنگ
4. ڈیجیٹل فوٹو گرافی
5. گرافکس و اینیمیشن

### vi. نظامت ترجمہ و اشاعت

دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ نے بیسویں صدی کے اوائل میں بہت کامیابی کے ساتھ علم کی مختلف شاخوں، بشمول سائنس، ٹکنالوجی اور طب، میں اردو کا تحریری سرمایہ تیار کیا تھا۔ لیکن آزادی کے بعد یونیورسٹی کا ذریعہ تعلیم اردو سے انگریزی کردینے کی وجہ سے کامیابی کا یہ عرصہ مختصر رہا۔ اس کے بعد سے اعلیٰ تعلیم کے لیے اردو تحریری مواد کی تیاری کا کام بہت حد تک عدم توجہی کا شکار رہا اور اسی لیے اعلیٰ تعلیم کے شعبہ میں اردو میڈیم طلبا کے لیے اردو کا مطالعاتی مواد عدم دستیاب ہے۔ اردو میڈیم طلبا کے لیے اردو کے مطالعاتی مواد کی دستیابی کی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے یونیورسٹی نے سال 2016 میں نظامت ترجمہ و اشاعت کے قیام کا ایک اہم فیصلہ کیا۔ یہ مرکز گریجویشن و پوسٹ گریجویشن سطح پر اردو میڈیم طلبا کے لیے مختلف مضامین کی حوالہ جاتی کتب، مطالعاتی مواد اور نصابی کتب کے ترجمہ میں تعاون کرے گا۔ یہ ادارہ ترجمہ شدہ تحریری مواد اور کتابوں کی اشاعت کا بھی کام انجام دے گا۔ نظامت نے سال 2018 تک مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے تمام انڈر گریجویٹ پروگراموں کے لیے بنیادی حوالہ جاتی کتابوں کی تیاری کے ہدف کو سامنے رکھ کر ترجیحات اور لائحہ عمل تیار کر لیا ہے۔

### vii. اردو مرکز برائے فروغ علوم

گزشتہ ایک صدی کے دوران اردو زبان کی شناخت تعلیمی اداروں میں اردو جاننے والے طلبا کی گھٹتی ہوئی تعداد اور اس کے برعکس تفریحی تحریروں، سفرناموں، ادب اور مذہبی تحریروں سے ہونے لگی ہے۔ بدقسمتی سے بعض اوقات یہ دلیل دی جاتی ہے کہ اردو سائنس و ٹکنالوجی اور دیگر علوم کے ساتھ ہم آہنگ نہیں ہو سکتی۔ گرچہ یہ بحث کافی عام ہے لیکن اس لیے صحیح نہیں ہے کہ ماضی میں عثمانیہ یونیورسٹی نے اردو ذریعہ تعلیم سے جدید علوم کی تدریس کا ایک کامیاب تجربہ کیا تھا۔ تقریباً نصف صدی کے بعد سال 2016 کے اواخر میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے اردو مرکز برائے فروغ اردو کے نام سے ایک مرکز قائم کر کے اردو میں علوم کے فروغ کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ اس مرکز کے تحت اس بات کی کوشش کی جائے گی کہ اردو کو اس کے شاندار ماضی کی طرح علوم کی تیاری کے ایک وسیلے کی حیثیت سے فروغ دیا جائے۔

اردو مرکز برائے فروغ اردو نے دوروزہ قومی اردو کانگریس (17- 16 فروری 2017) کا اہتمام کر کے اپنے وجود کا احساس دلایا ہے جس میں سائنس کے مختلف میدانوں کے سائنس داں، محقق، مصنفین اور ماہرین جمع ہوئے اور اردو زبان میں سائنس کی علمی تحریروں کو پیش کیا۔ یہ مرکز زمانے کے ساتھ ہم آہنگ ہوتے ہوئے اردو زبان میں مختلف مضامین کا تعلیمی و تحقیقی مواد جمع کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ اس کی کوشش ہو گی کہ مختلف محققین کے درمیان ایک نیٹ ورک قائم ہو جائے تاکہ ان کے تحقیقی کاموں کو جمع کر کے اردو میں ان کی تالیف کا کام انجام دیا جا سکے۔ مرکز کی کوشش ہو گی کہ ہر سال کم از کم سائنس و سماجی علوم پر دو قومی اردو کانگریسوں کا اہتمام کیا جائے یعنی قومی اردو سائنس کانگریس اور قومی اردو سماجی سائنس کانگریس۔ اس کے علاوہ مرکز سائنسی و سماجی علوم کے دو جرائد بھی شائع کرے گا۔ اردو مرکز اس بات کی کوشش کرے گا کہ اردو بولنے والے لوگوں میں سائنسی مزاج پروان چڑھایا جائے۔

### viii. سیول سروس کوچنگ مرکز

اس مرکز میں کوچنگ اور جانچ و تعین قدر کی سہولتیں فراہم ہیں تاکہ خواہش مندوں کو مرکزی و ریاستی حکومتوں اور نجی اداروں میں ملازمتوں کے لیے ہونے والے مسابقتی امتحانوں میں کامیابی کے قابل بنایا جا سکے۔ اس مرکز میں مختلف پیشہ ورانہ کورسز میں داخلوں، ترسیلی مہارتوں اور شخصیت کے ارتقا کے لیے کوچنگ کی سہولتیں فراہم ہیں۔ یہاں مسابقتی امتحانات کے امیدواروں کے لیے مطالعاتی مواد کی فراہمی، کتب خانہ اور ہاسٹل کی سہولتیں فراہم ہیں۔

### ix. مرکز مطالعات نسواں

مرکز برائے مطالعات نسواں (CWS) 2005ء میں اپنے قیام ہی سے تدریس، تربیت، تحقیق، توسیع اور وکالت کے کاموں میں مصروف ہے۔ مرکز برائے مطالعات نسواں کا اہم مقصد تعلیم کے ذریعے صنفی مساوات کا فروغ بتدریس و تحقیق کے ذریعے عورتوں کو بااختیار بنانا؛ عالمی سطح پر عورتوں سے متعلق اور عورتوں کے لیے علم اور معلومات کی تخلیق کرنا، اسے مستحکم کرنا اور پھیلانا اور خواتین محققین، پریشر گروپ اور پالیسی سازوں کے درمیان ایک نیٹ ورک قائم کرنا ہے۔ مرکز پورے سال سمیناروں، ورکشاپس، شعور بیداری پروگراموں اور مختصر مدتی کورسز کا اہتمام کرتا ہے۔

### x. مولانا ابوالکلام آزاد چیئر

ہندوستان کے سماجی، سیاسی اور تہذیبی پہلوؤں سے متعلق مولانا آزاد کے افکار کی ترویج کے لیے یو جی سی نے اردو یونیورسٹی میں مولانا آزاد چیئر کی منظوری دی ہے۔ اس چیئر کا مقصد مولانا آزاد کی شخصیت اور قومی یکجہتی و تعلیم کے میدان میں ان کی خدمات پر تحقیقی سرگرمیوں کا انعقاد ہے۔

## VIII. طلبہ کے لیے تعلیمی اور دیگر سہولیات

### i. مرکزی کتب خانہ

1998 میں قائم شدہ مرکزی کتب خانہ یونیورسٹی کی اہم سہولتوں میں سے ایک ہے جو ریسرچ اسکالروں اور طلبا کی معلوماتی ضرورتوں کی تکمیل میں مصروف ہے۔ کتب خانے میں زیادہ تر اردو، عربی، فارسی، ہندی، انتظامیہ، انجینئرنگ و ٹکنالوجی اور متعلقہ مضامین کے علمی وسائل موجود ہیں۔ کتب خانہ کا یہ ہدف ہے کہ وہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی سے وابستہ تعلیمی طبقے کو متحرک اور اختراعی معلوماتی خدمات فراہم کرے۔ کتب خانے کی عمارت کا 3300 مربع میٹر کار قبہ مکمل طور پر وائی فائی سے مربوط ہے اور کتب خانہ میں عصری سہولتوں سے آراستہ ایک آڈیٹوریم بھی موجود ہے اور کتب خانہ کی تزئین اس طرح کی گئی ہے کہ علمی ماحول میں اضافہ ہو۔

کتب خانے میں 59,000 کتابیں، 373 ایم فل اور 66 پی ایچ ڈی کے مقالے موجود ہیں۔ کتب خانے میں مختلف رسائل و تحقیقی جرائد اور اخبارات کے علاوہ کئی ای جرنلس اور ای کتابوں تک رسائی کی سہولت بھی موجود ہے۔ کتب خانہ روزانہ صبح 9.30 بجے سے رات 12 بجے تک کھلا رہتا ہے۔ جب کہ دوران امتحانات کتب خانہ صبح 9.30 سے رات 2.00 بجے تک کھلا رہتا ہے۔

کتب خانے میں تمام معروف رسائل و جرائد جاری ہیں۔ کتب خانے کو یو جی سی انفونیٹ پروگرام کے تحت انفلب نیٹ کے ذریعے جے اسٹور (JStor)، اسپر نگر لنک (Springer Link)، ای پی ڈبلیو (JCCC@UGC،EPW) انفونیٹ اور آئی ایس آئی ڈی (ISID) تک رسائی حاصل ہے۔ یونیورسٹی سرور کے ذریعے یونیورسٹی کا عملہ، محققین اور طلبہ راست طور پر تحقیقی جرائد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ممبر شپ کے لیے رہنمایانہ خطوط اور دیگر تفصیلات یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

### ii. مرکز برائے انفارمیشن ٹکنالوجی (CIT)

یونیورسٹی کا انفارمیشن ٹکنالوجی مرکز (CIT) طلبا واساتذہ کو کمپیوٹر کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے مقصد کے تحت یونیورسٹی کی انفارمیشن و کمیونی کیشن ٹکنالوجی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس کے قیام کے بعد پچھلے چند برسوں میں یہ مرکز کمپیوٹر کی ایک معمولی سی سہولت سے ترقی کرتے ہوئے یونیورسٹی کی ایک اہم اور مرکزی سہولت کے طور پر تبدیل ہو گیا ہے۔ تعلیم و تحقیق کے عصری تقاضوں کے مطابق تجدید کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی بطور وسیلہ انفارمیشن و کمیونی کیشن ٹکنالوجی سے استفادہ کر رہی ہے تاکہ پورے نظام میں اہم تبدیلیاں اور بہتری لائی جا سکے۔ اس طرح انفارمیشن ٹکنالوجی مرکز نے یونیورسٹی کو اطلاعاتی ٹکنالوجی کے قابل بنانے کا اہم کام اپنے ذمہ لیا ہے۔

اس وقت یہ مرکز انٹرنیٹ رسائی، عملے کے ای میل، آئی ٹی سیکیورٹی، وائی فائی، یونیورسٹی پورٹل کی تیاری اور دیکھ بھال، نیٹ ورک کے ذریعے مسئلہ کی تشخیص اور خرابی کی نشاندہی کے بشمول لازمی انفارمیشن و کمیونی کیشن ٹکنالوجی کی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انٹرنیٹ اور آن لائن اکتسابی مواد تک رسائی کی سہولت کی فراہمی کے لیے مرکز نیشنل نالج نیٹ ورک سے 1-Gbps کا ایک لنک استعمال کرتا ہے۔

### iii. دفتر برائے ڈین بہبودی طلبہ (DSW)

ڈین برائے بہبودی طلبہ کا دفتر یونیورسٹی ہیڈ کوارٹر اور بیرون کیمپس تمام طلبا کی فلاح و بہبود کی سرگرمیاں انجام دیتا ہے۔ ڈین برائے بہبودی طلبہ کا دفتر طلبہ کی انجمنوں کی تنظیم و ترقی، بشمول ان کے انتخابات، طلبہ کی کونسلنگ و رہنمائی کی سہولتوں، ہم نصابی و سماجی سرگرمیوں میں طلبہ کی شمولیت میں اضافہ، یونیورسٹی کے فیصلوں کے مطابق طلبہ کی مالی امداد، طلبہ و اساتذہ اور طلبہ و انتظامیہ کے تعلقات، کیریئر سے متعلق امور میں طلبہ کو رہنمائی اور مشورے دیتا ہے اور کیمپس پلیس منٹ، یونیورسٹی کی پالیسی کے مطابق طلبہ کے لیے صحت و علاج کی سہولتوں، گروپ میڈیکل انشورنس، طلبا کو بس پاسوں وریلوے رعایت کی اجرائی اور طلبہ کی رہائشی زندگی سے متعلق امور میں طلبہ کی مدد کرتا ہے۔

### iv. پراکٹر دفتر

پراکٹر اور اس کی ٹیم طلبہ کی تادیبی کارروائی اور اس سے متعلق تمام امور کی جانچ کرتی ہے۔ طلبہ کے غلط کردار/ضابطہ کی خلاف ورزی کے تمام معاملات پراکٹر کے علم میں لائے جائیں گے۔ معاملے کی شدت کے اعتبار سے پراکٹر تادیبی کمیٹی کو مناسب سفارشات کرے گا۔

کیمپس میں ریگنگ ممنوع ہے۔ہندوستان کی سپریم کورٹ کے احکام کے مطابق اگر ریگنگ کا کوئی واقعہ یونیورسٹی حکام کے علم میں آئے تو متعلقہ طالب علم کو اپنی وضاحت پیش کرنے کی پوری آزادی دی جائے گی اور اگر اس کی وضاحت قابل اطمینان نہ ہو تو ارباب مجاز اسے یونیورسٹی کے خارج کر دیں گے۔

نشہ آور ادویات کا استعمال، ان کی فروخت اور خواتین کے ساتھ چھیڑ چھاڑ پر یونیورسٹی میں سخت پابندی ہے اور ان سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف ملک کے قانون کے مطابق سخت تادیبی و دیگر کارروائیاں کی جائیں گی۔یونیورسٹی کے اندر یا باہر کسی بھی قسم کی مجرمانہ سرگرمی اور ساتھی طلبہ و ساتھی مقیم افراد کے ساتھ کسی بھی قسم کے جسمانی تشدد کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف بشمول اخراج سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### v. یو جی سی کی اسکیمیں (کوچنگ کی سہولتیں)

یونیورسٹی کی جانب سے NET کا امتحان دینے والے طلبا کے لیے یو جی سی نیٹ کی خصوصی کوچنگ، بنکوں، ریاستی و مرکزی خدمات میں ملازمت حاصل کرنے کے خواہش مند اقلیتی امیدواروں کو ملازمتوں میں داخلے کی کوچنگ فراہم کی جاتی ہے۔اس کے علاوہ یونیورسٹی پوسٹ گریجویٹ اور بی ایڈ پروگرام کے اقلیتی طلبا کے لیے اصلاحی کوچنگ بھی فراہم کرتی ہے۔

### vi. مالی امداد

**تحقیقی پروگرام:** یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی جانب سے ایم فل ریسرچ اسکالروں کو ماہانہ 5000 روپے اور ریگولر پی ایچ ڈی کے اسکالروں کو ماہانہ 8000 روپے اسکالرشپ دی جاتی ہے۔اس کے علاوہ تحقیق کرنے والے طلبہ کو دیگر اخراجات کے لیے سالانہ 8000 روپے کی رقم بھی دی جاتی ہے۔یہ اسکالرشپس ایم فل کے اسکالروں کو 18 ماہ اور ریگولر پی ایچ ڈی کے اسکالروں کو 36 ماہ کے لیے دیے جاتے ہیں۔یہ اسکالرشپس صرف انہی اسکالروں کو منظور کئے جاتے ہیں جو 75 فیصد حاضری کی تکمیل اور یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرتے ہیں۔یہ سارا مالی تعاون یو جی سی اور یونیورسٹی کے ضوابط اور فنڈس کی دستیابی پر منحصر ہے۔

### vii. ہاسٹل کی سہولت

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے اپنے طلبہ و طالبات کے لیے کیمپس پر ہاسٹل کی محدود سہولت فراہم ہے۔چونکہ اس یونیورسٹی میں ملک کے مختلف علاقوں کے طلبہ آتے ہیں، اس لیے ہاسٹلوں میں دستیاب نشستوں کی تعداد مانگ کے مقابلے میں بہت کم ہے۔یونیورسٹی کے کسی تعلیمی پروگرام میں صرف داخلہ ہاسٹلوں میں داخلے کی ضمانت نہیں ہے۔ **یونیورسٹی کی 'مرکزی داخلہ کمیٹی' کی جانب سے وضع کردہ معیارات کے مطابق ہر ہاسٹل میں دستیاب نشستوں کے لحاظ سے اہل درخواست گزاروں کو داخلہ دیا جائے گا۔ہاسٹل میں داخلہ دیے گئے طلبہ کی فہرست ہاسٹلوں کے نوٹس بورڈ اور یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر 27 جولائی 2017 کو جاری کر دی جائے گی۔**

**طلبہ کو فراہم کی جانے والی ہاسٹل کی سہولت صرف ایک تعلیمی سال کے لیے ہوگی۔تاہم وہ اگلے تعلیمی سال کے لیے از سر نو درخواست دے سکتے ہیں۔**

داخلے یا دوبارہ داخلے کے لیے درخواست پرووسٹ کے دفتر میں داخل کی جائے۔ہاسٹل کا فارم یونیورسٹی کے ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔



### ہاسٹل فیس کی تفصیلات (2017-18)

| سلسلہ نمبر | ہاسٹل فیس کی تفصیلات | قابل ادا رقم (روپے) |
|---|---|---|
| 2 | ہاسٹل میں رہائش کی فیس (سالانہ) | 1200 |
| 3 | ہاسٹل کی دیکھ بھال کی فیس (سالانہ) | 1000 |
| 4 | گیس کے اخراجات (سالانہ) | 1000 |
| 5 | کراکری کے اخراجات (سالانہ) | 400 |
| 7 | اخبارات و میگزین وغیرہ (سالانہ) | 100 |
| | **کل** | **3700** |

*مذکورہ بالا ہاسٹل فیس داخلے کے وقت ادا کرنی ہوگی۔

### طعام گاہ کی فیس کی تفصیل (2017-18)

| سلسلہ نمبر | ہاسٹل فیس کی تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|
| 1 | طعام گاہ کی زرضمانت (قابل واپسی) | 1500 |
| 2 | طعام گاہ کی پیشگی رقم | 1800 |
| | **کل** | **3300** |

* مذکورہ بالا فیس ہاسٹل میں داخلے کے وقت طعام گاہ کے اخراجات کے لیے جمع کرنی ہوگی۔

- مختلف ہاسٹلوں سے منسلک طعام گاہ کی سہولت سے استفادہ لازمی ہے۔ کوئی طالب علم باقاعدہ اجازت کے بغیر مسلسل دو ماہ تک طعام گاہ کی سہولت سے استفادہ نہ کرے تو اس کے ہاسٹل کا داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ہاسٹل میں مقیم طلبا ہر ماہ کی 10 تاریخ سے قبل طعام گاہ کے اخراجات -/1800 روپے ادا کردیں۔ رقم میں جو کمی بیشی ہوگی اگلے مہینوں میں اس کا حساب کر لیا جائے گا۔
- ڈیٹا جمع کرنے یا میدانی کام کے لیے جانے والے ریسرچ اسکالروں کو تاریخوں کی صراحت کے ساتھ طعام گاہ کی سہولت کو روک دینے کی تحریری درخواست دینی ہوگی۔ یہ درخواست صدر شعبہ یا نگران سے منظورہ ہونی چاہیے۔
- تمام طلبا پر یونیورسٹی کی جانب سے نافذ کیے جانے والے ہاسٹل کے قواعد و ضوابط کا لزوم ہوگا۔

### .viii صحت و علاج

یونیورسٹی کا مرکز صحت ڈاکٹروں، نرسوں اور نیم طبّی عملے کی ایک ٹیم کے ذریعے کام کرتا ہے جہاں بنیادی علاج کا انتظام ہے۔ مرکز صحت میں ایک ایکسرے یونٹ اور مختلف طبّی جانچوں کے لیے ایک لیبارٹری موجود ہے۔ متعینہ دنوں میں اسپیشلسٹ ڈاکٹر بھی دستیاب رہتے ہیں۔ ایک اسٹوڈنٹ کونسلر کی خدمات بھی دستیاب ہیں۔ یونیورسٹی ایک معیاری بیمہ کمپنی کے ذریعے طبّی بیمہ کی فراہمی میں طلبہ کی مدد کرتی ہے جسے وہ داخل اسپتال ہونے کی صورت میں استعمال کر سکتے ہیں۔

### .ix جسمانی تعلیم و کھیل کود

یونیورسٹی میں کھیل کود اور اسپورٹس کے لیے بھی کافی سہولتیں موجود ہیں۔ یہاں تمام سہولتوں سے آراستہ انڈور اسٹڈیم موجود ہے جس میں فٹنس سنٹر اور شٹل بیڈ منٹن، ٹیبل ٹینس جیسے انڈور کھیلوں کی سہولتیں موجود ہیں۔ یونیورسٹی کی جانب سے یونیورسٹی کی ٹیموں کے لیے مختلف کھیلوں اور اسپورٹس کے منظم کردہ کوچنگ کیمپس کا انعقاد کرکے طلبہ میں کھیلوں اور اسپورٹس کے کلچر کو فروغ دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اتھلیٹک مقابلوں کے لیے ٹریک اینڈ فیلڈ، کرکٹ گراونڈ اور والی بال کی سہولتیں بھی موجود ہیں۔

### .x نیشنل سروس اسکیم (NSS)

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے این ایس ایس سیل کا مقصد یہ ہے کہ مسلسل اور کیمپ کی سرگرمیوں کے ذریعے طلبا رضاکاروں کی شخصیت کا ارتقا کیا جائے۔ این ایس ایس سیل کیمپس کے اندر اور باہر سماجی خدمت، اجتماعی باہمی رابطہ اور اورینٹیشن تربیت کے ذریعے شخصیت کے ہمہ جہتی ارتقا کے لیے ''میں نہیں بلکہ آپ'' (NOT ME BUT YOU) کے نعرے کے ساتھ رضاکاروں کو دعوت دیتا ہے۔ این ایس ایس میں 200 طلبا رضاکاروں کی منظور شدہ تعداد کے دو یونٹ موجود ہیں۔ نئے آنے والے طلبا کو 'پہلے آئیں اور پہلے پائیں' کی بنیاد پر این ایس ایس میں شامل ہونے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ این ایس ایس نے گزشتہ تعلیمی سال کے دوران شہر کے اطراف واقع بستیوں میں قومی صفائی مہم 'سوچھ بھارت ابھیان' اور گاؤں کو منتخب کرکے 'انت بھارت ابھیان' اور نقد رقم کے بغیر لین دین کے شعور کی بیداری کے لیے 'وساکھا' ابھیان کا اہتمام کیا۔

### .xi کینٹین

ہاسٹل میں مقیم طلبا کے اپنے منظم کردہ ہاسٹل میس کے علاوہ غیر مقیم طلبہ، عملہ اور دیگر آنے والے افراد کے لیے ہیڈکوارٹر پر ایک کینٹین کی سہولت بھی موجود ہے۔اس کینٹین میں رعایتی قیمت پر چائے ناشتہ اور کھانا وغیرہ فراہم کیا جاتا ہے۔

### .xii داخلی شکایات کمیٹی

یوجی سی کے ضوابط کے مطابق کام کے مقام پر خواتین کے خلاف تشدد اور جنسی ہراسانی کے واقعات سے نمٹنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ کیمپس جنسی ہراسانی کے سلسلے میں مکمل عدم برداشت کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

### .xiii طلبہ یونین

طلبہ کی عمومی فلاح و بہبود اور ان کی شخصیت کی مربوط ترقی کے لیے یونیورسٹی میں طلبا کی یونین بھی موجود ہے۔ ہر سال اس کے انتخابات منعقد ہوتے ہیں جس میں طلبا اپنی یونین کے لیے نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ طلبا یونین یونیورسٹی کے طلبا کے لیے فلاحی سرگرمیوں کے علاوہ کھیل کود، ادب اور ثقافت کی مختلف سرگرمیوں اور مقابلوں کا بھی اہتمام کرتی ہے۔

### .xiv طلبہ کے تعاون کا سیل

یونیورسٹی نے طلبہ کے تعاون اور انہیں سہولت کی فراہمی کے لیے مختلف سیل تشکیل دیے ہیں۔ ان میں سے بعض اہم یہ ہیں: سیل برائے پی ڈبلیو ڈی (معذورین)، مخالف امتیازی سلوک افسر، مخالف ریگنگ سیل، ایس سی، ایس ٹی سیل مجلس قائمہ، مساوی مواقع سیل، تلافی شکایات سیل، ایس سی، ایس ٹی اور او بی سی کے لیے رابطہ افسر، بین الاقوامی طلبہ سیل۔ ان کی تفصیلات اور متعلقہ سہولتوں کی تفصیلات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.manuu.ac.in ملاحظہ کریں۔

### .xv امتحانات کے عمومی ضوابط

#### .1 امتحانات

1.1 **کورس کی جانچ:** یہ مسلسل داخلی تعین قدر (CIE) اور سمسٹر اختتام امتحانات (SEE) پر مشتمل ہوتی ہے جیسا کہ ہر کورس کے لیے اہم تعین قدر طے کیے گئے ہیں۔

1.2 ہر کورس کے لیے CIE اور SEE کے بالترتیب 30% اور 70% نمبر ہوں گے، مثال کے طور پر 100 نمبر کے لیے (30+70) یا 50 نمبروں کے لیے (15+35) یا اسی کے مماثل ہوں گے قطع نظر اس سے کہ کریڈٹ جو بھی ہوں۔ ان جانچوں یا سمینار پیش کش سے غیر حاضری یا تفویضات یا حاضری کے تاخیر سے جمع کرنے کے نتیجے میں نمبروں کا نقصان ہوگا۔

1.3 **مسلسل داخلی تعین قدر (CIE)**: صرف انہی طلبا کو کسی کورس کے سمسٹر اختتام امتحانات میں شرکت کی اجازت دی جائے گی جو مسلسل داخلی تعین قدر (CIE) میں اقل ترین معیار (کامیابی کے نمبر) کو برقرار رکھیں گے۔ اس طرح جو طالب علم کسی کورس/پرچے کے مسلسل داخلی تعین قدر/داخلی جانچ اور عملی کام میں ناکام ہو جاتا ہے تو اسے اس کورس/پرچے کے سمسٹر اختتام امتحانات میں شریک ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور اسے متعلقہ طاق/جفت سمسٹر میں داخلی مسلسل تعین قدر/ عملی امتحان اور سمسٹر اختتام امتحان دونوں میں دوبارہ شرکت کرنا ہوگا۔

1.4 ہر سمسٹر میں مسلسل داخلی تعین قدر یعنی داخلی امتحانات کے نمبروں کی تفصیل ذیل کے مطابق ہوگی:

| نظری | | | عملی | | MOOCs | | ہم نصابی و زائد نصابی | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کلاس ٹسٹ | 15 | 7.5 | عملی امتحان | 10 | تفویضات | 25 | سرگرمی کی رپورٹ | 25 |
| تفویضات/کوئز/سمینار | 10 | 5 | کمپیوٹر تعین قدر | 15 | پیشکش/سمینار | 20 | پیشکش/سمینار | 20 |
| حاضری | 5 | 2.5 | حاضری | 5 | حاضری | 5 | حاضری | 5 |
| کل (مسلسل داخلی تعین قدر) | 30 | 15 | کل (مسلسل داخلی تعین قدر) | 30 | کل (مسلسل داخلی تعین قدر) | 50 | کل (مسلسل داخلی تعین قدر) | 50 |

### 1.4.1 تمام پروگراموں کے لیے مسلسل داخلی تعین قدر (CIE) کے ایک جزو کی حیثیت سے حاضری کے نمبروں کی تقسیم:

| ٹیچر ایجوکیشن کے سوا سی بی سی ایس کے تحت تمام پروگرام | | | | سی بی سی ایس کے تحت ٹیچر ایجوکیشن کے پروگرام | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلسلہ نمبر | حاضری% | MM=5 [CIE=30] | MM=2.5 [CIE=15] | سلسلہ نمبر | حاضری % | MM=5 [CIE=30] | MM=2.5 [CIE=15] |
| 1 | ≥ 95 | 5 | 2.5 | 1 | ≥ 95 | 5 | 2.5 |
| 2 | ≥ 90 to 94.99 | 4 | 2 | 2 | ≥ 90 to 94.99 | 4 | 2 |
| 3 | ≥ 85 to 89.99 | 3 | 1.5 | 3 | ≥ 85 to 89.99 | 3 | 1.5 |
| 4 | ≥ 80 to 84.99 | 2 | 1 | 4 | ≥ 80 to 84.99 | 2 | 1 |
| 5 | ≥ 75 to 79.99 | 1 | 0.5 | 5 | ≥ 75 to 79.99 | 0 | 0 |
| 6 | 75سے کم | 0 | 0 | 6 | 75سے کم | 0 | 0 |

1.5 **سمسٹر اختتام امتحانات (SEE):** ان امتحانات کا انعقاد شعبہ /اسکول کی سطح پر کیا جاتا ہے اور ان میں کورس کے مکمل نصاب کا احاطہ ہوتا ہے۔ سمسٹر اختتام امتحانات میں طالب علم کی مجموعی جانچ کے لیے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تمام پروگراموں کے لیے ماڈل سوالیہ پرچہ تیار کیا ہے۔ یہ ماڈل سوالیہ پرچہ تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ پورے نصاب کا احاطہ ہو اور ہر کورس کے لیے طلبا کی حقیقی، توضیحی اور تجزیاتی فہم کا امتحان لیا جاسکے۔

1.6 ہر سمسٹر کے اختتام پر امتحانات کی متعلقہ اسکیم یعنی نظام الاوقات کے مطابق یونیورسٹی کے امتحانات منعقد ہوں گے۔

1.7 یونیورسٹی اپنے تعلیمی کیلنڈر کے مطابق طاق و جفت سمسٹروں کے امتحانات کا انعقاد کرے گی۔ بیک لاگ/ نمبروں میں اضافے کے لیے امتحان دینے والے طلبا متعلقہ طاق/جفت سمسٹروں کے امتحانات میں شریک ہوسکیں گے۔ یونیورسٹی میں کوئی سپلمنٹری امتحانات نہیں ہوں گے۔

1.8 کسی بھی پروگرام کے صرف آخری سمسٹر کے طلبا کو یہ استثنیٰ حاصل ہوگا کہ وہ فوری گزرے ہوئے طاق سمسٹر کے بیک لاگ پرچوں کے امتحانات کے لیے رجسٹر کرواسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر کسی دو سالہ پروگرام میں سمسٹر IV کے طلبا کو سمسٹر III کے بیک لاگ پرچے کامیاب کرنے کے لیے سمسٹر IV کے امتحانات میں شرکت کا موقع ہوگا۔

1.9 کسی طالب علم کو کسی سمسٹر کے سمسٹر اختتام امتحان میں اس وقت مکمل طور پر کامیاب سمجھا جائے گا جب کہ اس نے ذیل میں دیے گئے اقل ترین نمبر حاصل کیے ہوں۔

| سمسٹر اختتام امتحانات میں کامیابی کے لیے اقل ترین نمبر | | مسلسل داخلی تعین قدر میں کامیابی کے لیے اقل ترین نمبر | |
|---|---|---|---|
| فی سمسٹر | اقل ترین نمبر | فی سمسٹر | اقل ترین نمبر |
| فی نظری مضمون | 40% | فی نظری مضمون | 40% |
| فی عملی مضمون | 50% | فی عملی مضمون | 50% |

1.10 اگر کوئی طالب علم طاق اور جفت سمسٹر امتحانات کے کسی مضمون/کورس/پرچے میں اقل ترین نمبر حاصل کرنے میں ناکام ہوجائے تو وہ متعلقہ طاق/جفت سمسٹر کے صرف ناکام مضامین/پرچوں (بیک لاگ) ہی کے امتحان میں شریک ہوسکتا ہے۔

## 2. حاضری

2.1 سمسٹر اختتام امتحانات میں شریک ہونے کے لیے طالب علم کو تمام مسلسل داخلی تعین قدر (CIE) / عملی امتحان/زبانی امتحان جو بھی ہو اس میں کامیابی اور 75% مجموعی اقل ترین حاضری کی شرط کی تکمیل لازمی ہے۔ پیشہ ورانہ اور تکنیکی پروگراموں کے لیے حاضری کی اس شرط میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔ مثلاً ٹیچر ایجوکیشن کے پروگراموں میں مجموعی اقل ترین حاضری 80% ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ ٹیچر ایجوکیشن (جیسے بی ایڈ اور ایم ایڈ) اور ماسٹر آف سوشل ورک وغیرہ میں تدریس کی مشق/ میدانی کام کے لیے اقل ترین حاضری 90% ہونی چاہیے۔ ان پروگراموں کے عملی کاموں میں اقل ترین حاضری کی شرط پورا نہ کرنے والے طلبا کو سمسٹر اختتام امتحانات میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی اور انہیں دوبار سمسٹر پورا کرنا ہوگا۔

2.2 جائز طبّی بنیادوں پر اور طبّی صداقت نامہ پیش کرنے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ 10% کی رعایت دی جاسکتی ہے بشرطیکہ صدر شعبہ /پرنسپل اسے تسلیم کریں اور متعلقہ اسکول کے ڈین اس کی منظوری دیں۔ مزید یہ کہ صرف وہی طبّی صداقت نامے قبول کیے جائیں گے جن کے متعلق دوران بیماری یا بیماری کے بعد دو ہفتوں کے اندر صدر شعبہ کو مطلع کیا گیا تھا۔ جس طالب علم کو کسی ہم نصابی یا زائد نصابی سرگرمی یا کھیل کود یا اسی طرح کی سرگرمیوں کے لیے یونیورسٹی نے نامزد کیا اسے زیادہ سے زیادہ 5% کی مزید رعایت دی جاسکتی ہے۔

2.3 اگر کوئی طالب علم کسی پروگرام کے پہلے سمسٹر میں حاضری کی کمی کے باعث موقوف کر دیا گیا ہو اسے اگلے سال اسی سمسٹر میں دوبارہ داخلہ والے امیدوار کے طور پر رجسٹر کروانے کا موقع دیا جائے گا بشرطیکہ اس نے کم سے کم 40% حاضری پوری کی ہو۔

2.4 پہلے سمسٹر میں 40% سے کم حاضری پوری کرنے والے طلبا کو موقوف کر دیا جائے اور ان کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔ اگر وہ اس پروگرام کو جاری رکھنا چاہتے ہوں تو انہیں دوبارہ نئے امیدوار کی حیثیت سے درخواست دینی ہوگی اور اعلامیہ کے مطابق داخلہ کی کارروائی میں مسابقت (میرٹ/داخلہ امتحان) کرنی ہوگی۔

### 3 ترقی دینے (Promotion) کے ضوابط

3.1 طاق سمسٹر سے جفت سمسٹر میں ترقی خود بخود ہو جاتی ہے الا یہ کہ حاضری کی کمی کی وجہ سے موقوف کر دیا گیا ہو۔

3.2 طالب علم کو جفت سمسٹر سے طاق سمسٹر یعنی دوسرے سال میں منتقل ہونے کی اسی وقت اجازت دی جائے گی جب کہ اس نے جفت سمسٹر کے اختتام پر سی بی سی ایس پر مبنی پروگرام کی صورت میں کم سے کم 5.0 سی جی پی اے برقرار رکھا ہو یا غیر سی بی سی ایس پروگرام کی صورت میں کل کورسز/پرچوں میں سے کم از کم 50% کامیاب کیے ہوں۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں وہ سابق طالب علم کی حیثیت سے اسی سال میں رہے گا یہاں تک کہ وہ کم سے کم 5.0 سی جی پی اے حاصل کر لے یا درکار تعداد میں کورسز/پرچے کامیاب کر لے۔

3.3 جس طالب علم کو حاضری کی کمی کی وجہ سے موقوف کر دیا گیا ہو اسے اگلے سمسٹر میں ترقی کا موقع نہیں دیا جائے اور اسے ریگولر طالب علم کی حیثیت سے دوبارہ رجسٹر اور اگلے بیچ کے طلبا کے ساتھ مذکورہ سمسٹر کے تمام کورسز کا اعادہ کرنا ہوگا۔

3.4 اگر کوئی طالب کسی پروگرام کے پہلے سمسٹر میں حاضری کی کمی کے باعث موقوف کر دیا گیا ہو اسے اگلے سال اسی سمسٹر میں دوبارہ داخلہ والے امیدوار کے طور پر رجسٹر کروانے کا موقع دیا جائے گا بشرطیکہ اس نے کم سے کم 40% حاضری پوری کی ہو۔

3.5 پہلے سمسٹر میں 40% سے کم حاضری پوری کرنے والے طلبا کو موقوف کر دیا جائے اور ان کا داخلہ منسوخ ہو جائے گا۔ اگر وہ اس پروگرام کو جاری رکھنا چاہتے ہوں تو انہیں دوبارہ نئے امیدوار کی حیثیت سے درخواست دینی ہوگی اور اعلامیہ کے مطابق داخلہ کی کارروائی میں مسابقت (میرٹ/داخلہ امتحان) کرنی ہوگی۔

3.6 جو طالب علم کسی کورس کے نظری یا عملی امتحان میں ناکام ہو جاتا ہے تو اسے اس کورس کے نظری اور عملی دونوں امتحانات دوبارہ دینے ہوں گے۔

3.7 جو طالب علم مسلسل داخلی تعین قدر/کسی پرچے یا کورس کی داخلی جانچ میں ناکام ہو جائے تو اسے اس کورس/پرچے کے سمسٹر اختتام امتحان میں شریک ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اسے اگلے طاق/جفت سمسٹر میں اس کورس کے داخلی امتحان اور سمسٹر اختتام امتحان دونوں میں دوبار شرکت اور کامیابی حاصل کرنی ہوگی۔

3.8 جو طالب علم ریگولر امتحانات میں فیس کی ادائیگی کے ذریعے رجسٹریشن کے بعد پہلے سے اطلاع کے ذریعے شرکت نہ کرے تو اسے اگلے متعلقہ سمسٹر امتحان میں فیس کے بغیر دوبارہ رجسٹریشن کی اجازت ہوگی۔

4 پروگرام کا دورانیہ (PS): پروگرام کی تکمیل کی زیادہ سے زیادہ مدت پروگرام کی اصل مدت کے بعد، چاہے وہ جو بھی ہو، اضافی 2 سال (4 سمسٹر) ہوگی۔ کسی بھی کورس/پرچے کو کامیاب کرنے کے لیے طالب علم کو دو زائد بار امتحان کے مواقع دیے جائیں گے جس میں اگر وہ ناکام ہو جاتا ہے تو اسے پروگرام کو چھوڑنا ہوگا۔

5 یہ ضوابط یونیورسٹی کی جانب سے ترمیم/نظرثانی پر منحصر ہوں گے اور یونیورسٹی کی جانب سے کیے گئے اعلان کے مطابق ان کا اطلاق ہوگا۔

## xvi. بین الاقوامی طلبہ کے داخلے کا طریقہ

- مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ان تمام طلبہ کو بیرونی شہری تصور کرے گی جو ہندوستان کے باشندے نہیں ہیں۔
- غیر ملکی شہریوں کو گریجویشن، پوسٹ گریجویشن اور ریسرچ کے پروگراموں میں داخلہ دیا جائے گا جن میں میرٹ یا داخلہ امتحان انٹرویو کی بنیاد پر داخلہ دیا جاتا ہے۔
- ہندوستانی طلبا کے داخلہ کے لیے جو اعلامیہ جاری کیا جاتا ہے اس کا اطلاق غیر ملکی طلبا پر بھی ہوگا۔ ان کے داخلے کی درخواستوں کو طلب کرنے کے لیے کوئی علاحدہ اعلامیہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
- یونیورسٹی کی جانب سے پیش کیے جانے والے پروگراموں میں طلبا کی متعینہ تعداد کے علاوہ 15 فیصد زائد غیر ملکی امیدواروں کو داخلہ دیا جا سکتا ہے۔
- جو طلبا پوسٹ گریجویشن پروگراموں میں داخلے کے خواہاں ہوں تو انہیں 3+2+10 یا 3+12 مدت کی تعلیمی قابلیت کا حامل ہونا چاہیے۔
- غیر ملکی شہریوں کو بھی ہندوستانی طلبا کے لیے متعینہ مطلوبہ اقل ترین اہلیتی شرائط کو پورا کرنا ہوگا۔ اگر کسی بیرونی ملک کا تعلیمی بورڈ/ادارہ/جامعہ مطلوبہ اقل ترین اہلیتی شرط کو پورا نہیں کرتا تو اس صورت میں داخلہ کمیٹی مماثل پروگرام پر غور کر سکتی ہے۔
- غیر ملکی شہری کسی ایسے پروگرام کے لیے درخواست دے رہے ہوں جس میں میرٹ کی بنیاد پر داخلہ دیا جاتا ہے تو انہیں اس بات کا صداقت نامہ پیش کرنا ہوگا کہ ان کا تعلیمی پروگرام تعلیمی مدت اور معیار کے لحاظ سے جامعہ ہذا میں داخلہ کے لیے مطلوبہ ڈگری کے مماثل ہے۔

- اگر کسی بیرونی شہری کا کسی پروگرام میں داخلے کے لیے انتخاب ہو جاتا ہے تو اسے داخلہ کا مراسلہ بذریعہ ڈاک اور بذریعہ ای میل بھیجا جائے گا۔
- جو داخلہ کمیٹی ہندوستانی امیدواروں کے داخلوں کو منظوری دے گی وہی کمیٹی بیرونی شہریوں کے لیے بھی مرکزی داخلہ کمیٹی کی سفارش پر داخلہ منظور کرے گی۔
- اگر کوئی بیرونی شہری کسی پروگرام میں داخلہ کے لیے منتخب کر لیا جاتا ہے تو اسے حسب ذیل دستاویزات پیش کرنے ہوں گے۔

  (الف) طالب علم کا ویزا (ب) حکومت ہند کا تجویز کردہ طبّی صداقت نامہ (ج) وزارت خارجہ حکومت ہند کا اجازت نامہ

- **درخواست فارم کے ساتھ حسب ذیل دستاویزات داخل کی جائیں۔**
  - ہائی اسکول سے اوپر کی تمام اسناد اور مارکس شیٹ یا گریڈ کارڈ کی نقول مصدقہ انگریزی ترجمہ (اگر دستاویزات دوسری زبان میں ہوں) کے ساتھ داخل کی جائیں۔
  - جس جگہ طالب علم نے اپنی تعلیم مکمل کی ہے وہاں کے پرنسپل/ڈائرکٹر آف کالج/مرکز/یونیورسٹی کی جانب سے ایک سفارشی خط۔اس خط کو لازماً مہر بند ہونا چاہیے یا پھر جس شعبہ میں داخلہ مطلوب ہو اس کے صدر کو راست ای میل بھی بھیجا جاسکتا ہے۔
  - ایسے طلبا جنہیں ایم فل یا پی ایچ ڈی میں داخلہ مطلوب ہو وہ اپنی تحقیق کا مجوزہ خاکہ بھی داخل کریں۔
  - مناسب مالی امداد اور اسکالرشپ کا ثبوت

- **داخلے کے وقت پیش کی جانے والی دستاویزات:**
  - تمام اصل اسناد، اگر دستاویزات انگریزی کے بجائے دوسری زبان میں ہوں تو ان کا انگریزی ترجمہ
  - پاسپورٹ کی نقل اور ویزا
  - کسی مسلمہ دواخانے سے طبّی صحت کی موزونیت کا صداقت نامہ
  - متعینہ فیس
  - تمام دستاویزات کی نقول کے دو سیٹ
  - پاسپورٹ سائز کی 12 تازہ ترین تصاویر
  - مناسب ڈاک ٹکٹ کے حامل 4 لفافے جن پر اپنا پتہ درج ہو۔
  - دو معتبر شخصیات کے سفارشی خطوط
- جب کسی غیر ملکی طالب علم کا داخلہ یونیورسٹی کے کسی بھی تعلیمی پروگرام میں ہو جائے تو اسے بین الاقوامی طالب علم تصور کیا جائے گا۔

## غیر ملکی طلبا کے اندراج کا دفتر

تمام غیر ملکی طلبا کے لیے لازمی ہوگا کہ ہندوستان پہنچنے کے 14 دن کے اندر وہ غیر ملکیوں کے اندراج کے دفتر (F.R.O) میں اپنا نام درج کروالیں۔ غیر ملکیوں کے اندراج کا دفتر (F.R.O) غیر ملکی قومیت کے طلبا کے لیے ایک سال کی مدت تک کارکرد ایک رہائشی اجازت نامہ دیتا ہے اور اس کو آخری تاریخ کے ختم ہونے سے 15 دن قبل دوبارہ کارکرد بنایا جاسکتا ہے۔ رجسٹریشن کے وقت درج ذیل دستاویزات داخل کرنا ضروری ہے۔

a. پرویژنل داخلہ/اہلیتی خط
b. پاسپورٹ مع اسٹوڈنٹ ویزا
c. رہائشی ثبوت
d. تعلیمی صداقت نامہ
e. ہندوستان آمد پر کسی مسلمہ دواخانے سے حاصل کردہ HIV صداقت نامہ



## ریگولر طرز کے پروگراموں کے لیے تعلیمی کیلنڈر برائے 2017-18

| سلسلہ نمبر | تفصیلات | نظام الاوقات |
|---|---|---|
| | **طاق سمسٹرس (پہلے، تیسرے، پانچویں اور ساتویں)** | |
| 1 | یونیورسٹی کی دوبارہ کشادگی | 10جولائی 2017 |
| 2 | تمام پروگراموں کی تدریس کا آغاز | یکم اگست 2017 |
| 3 | مختلف شعبوں/اسکولوں/کالجوں میں طلبا کے لیے اورینٹیشن پروگرام | 1-7 اگست 2017 |
| 4 | انجمن طلبہ کے انتخابات | 5 ستمبر 2017 |
| 5 | جلسہ تقسیم اسناد | اکتوبر 2017 کا آخری ہفتہ |
| 6 | یوم آزاد (قومی یوم تعلیم) تقاریب (ادبی، تعلیمی اور توسیعی سرگرمیاں) | 10 و 11 نومبر 2017 |
| 7 | طاق سمسٹرس ایم فل اور پی ایچ ڈی کورس ورک امتحانات کے لیے آخری یوم تدریس۔ | 30 نومبر 2017 |
| 8 | سمسٹر اختتام امتحانات کی تیاری کا ہفتہ | دسمبر 2017 کا پہلا ہفتہ |
| 9 | سرمائی تعطیلات | 23 دسمبر 2017 تا 7 جنوری 2018 |
| | جفت سمسٹرس (دوسرے، چوتھے، چھٹویں اور آٹھویں) | |
| 1 | جفت سمسٹروں کی جماعتوں کا آغاز | 8جنوری 2018 |
| 2 | یوم تاسیس تقاریب | 9 جنوری 2018 |
| 3 | جشن طلبہ (اسپورٹس، ثقافتی سرگرمیاں اور مقابلے) | 23 تا 25 جنوری 2018 |
| 4 | ہاسٹل ڈے تقاریب (داخلی تفریحی سرگرمیاں) | 26 تا 27جنوری 2018 |
| 5 | سالانہ تقریب (تعلیمی سرگرمیوں کی سالانہ رپورٹ اور انعامات کی تقسیم) | 28 مارچ2018 |
| 6 | جفت سمسٹرس کے لیے آخری یوم تدریس۔ | 1 مئی 2018 |
| 7 | سمسٹر اختتام امتحانات کی تیاری کا ہفتہ | مئی2018 کا پہلا ہفتہ |
| 8 | گرمائی تعطیلات | 25مئی تا 8 جولائی 2018 |
| جماعتوں کے آغاز کے پہلے دن شیخ الجامعہ 10 بجے صبح نئے طلبہ کو اور 3 بجے دوپہر سابقہ طلبہ سے نظامت فاصلاتی تعلیم کے آڈیٹوریم میں خطاب کریں گے<br>سمسٹر کی جماعتوں کے آغاز سے ایک ہفتہ کے اندر سمسٹر کی فیس جمع کروادینی چاہیے ( نئے داخلوں کے سوائے) | | |

## امتحانات کا نظام الاوقات

| سلسلہ نمبر | تفصیلات | نظام الاوقات |
|---|---|---|
| | **طاق سمسٹرس (پہلے، تیسرے، پانچویں اور ساتویں)** | |
| 1 | کلاس ٹسٹ -1 | ستمبر 2017 کا آخری ہفتہ |
| 2 | سمسٹر اختتام امتحانات کا اعلامیہ | اکتوبر 2017 کا دوسرا ہفتہ |
| 3 | سمسٹر اختتام امتحانات کی درخواستوں اور رجسٹریشن کی آخری تاریخ | نومبر 2017 کا دوسرا ہفتہ |
| 4 | کلاس ٹسٹ-2 | نومبر 2017 کا آخری ہفتہ |
| 5 | سمسٹر اختتام اور ایم فل و پی ایچ ڈی کورس ورک کے امتحانات کا آغاز | 7 دسمبر 2017 |
| | جفت سمسٹرس (دوسرے، چوتھے، چھٹویں اور آٹھویں) | |
| 1 | کلاس ٹسٹ-1 | مارچ2018 کا پہلا ہفتہ |
| 2 | سمسٹر اختتام امتحانات کا اعلامیہ | مارچ 2018 کا دوسرا ہفتہ |
| 3 | سمسٹر اختتام امتحانات کی درخواستوں اور رجسٹریشن کی آخری تاریخ | اپریل 2018 کا دوسرا ہفتہ |
| 4 | کلاس ٹسٹ-2 | اپریل2018 کا آخری ہفتہ |
| 5 | سمسٹر اختتام امتحانات کا آغاز | 8 مئی 2018 |
| سمسٹر اختتام امتحانات میں شریک ہونے کے لیے طالب علم کو 75% مجموعی اقل ترین حاضری کی شرط کی تکمیل اور متعلقہ کورسز کے مسلسل داخلی تعین قدر (CIE) میں کامیابی لازمی ہے۔ | | |

## مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کی جانب سے مختلف پروگراموں کے لیے تسلیم شدہ اسناد کی فہرست

| نمبر شمار | مدرسہ کا نام | سند کا نام | منظوری برائے |
|---|---|---|---|
| | | **آندھرا پردیش** | |
| .1 | جامعۃ الصالحات۔ کڑپہ | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| | | **آسام** | |
| .1 | اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، آسام۔ کابلی پارہ، گوہاٹی | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .2 | مدرسۃ البنات وبنات اسلامک اکیڈمی۔<br>مہاری پاتھر، ضلع: موری گاؤں | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| | | **بہار** | |
| .1 | بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ | مولوی | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| | | عالمیت | روایتی طرز: ایم اے (اسلامیات، عربی، اردو، فارسی)<br>فاصلاتی طرز: ایم اے (اردو، اسلامیات، تاریخ)، ڈپلوما ان ٹیچ انگلش |
| .2 | عربی/فارسی بورڈ۔ بہار | عالم | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .3 | مدرسہ شمس الہدیٰ۔ پٹنہ | فاضل | روایتی طرز: ایم اے (اسلامیات، عربی، اردو، فارسی)<br>فاصلاتی طرز: ایم اے (اردو، اسلامیات، تاریخ)، ڈپلوما ان ٹیچ انگلش |
| .4 | مدرسہ جامعۃ القاسم دارالعلوم الاسلامیہ۔ پرتاب گنج، سوپول | عالم | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .5 | جامعہ ابن تیمیہ، چمپارن۔ بہار | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .6 | توحید ایجوکیشنل ٹرسٹ۔ کشن گنج، بہار | عالم | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .7 | دارالعلوم احمدیہ سلفیہ۔ دربھنگہ، بہار | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .8 | المدرسۃ الاسلامیہ۔ راگھو نگر، بھوارہ، مدھوبنی | فضیلت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .9 | جامعۃ البنات۔ گیا، بہار | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .10 | مدرسہ امارت شرعیہ۔ پھلواری شریف، پٹنہ | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .11 | دارالعلوم خیریہ نظامیہ۔ محلہ بارہ دری، سہسرام، رہتاس | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
| .12 | جامعہ رحمانیہ خانقاہ مخصوص پور۔ مونگیر، بہار | عالمیت | روایتی طرز: بی اے<br>فاصلاتی طرز: بی اے، ڈپلوما ان جے ایم سی |
